# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday, the April 15, 2025
(348th Session)
Volume IV, No. 01
(Nos.01)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume IV | SP.IV(01)/2025 |
| No. 01 | 15 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Panel of Presiding Officers ..... 1
3. Fateha ..... 2
4. Condolence Reference on the sad demise of Senator Taj Haider ..... 4
    - Senator Sherry Rehman ..... 4
    - Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ..... 7
    - Senator Hamid Khan ..... 10
    - Senator Kamran Murtaza ..... 11
    - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice ..... 12
    - Senator Hidayatullah Khan ..... 14
    - Senator Pervaiz Rashid ..... 15
    - Senator Shahadat Awan ..... 16
    - Senator Quran-Ul-Ain Marri ..... 18
    - Senator Danesh Kumar ..... 19
    - Senator Aon Abbas ..... 20
    - Senator Jan Muhammad ..... 23
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House ..... 25
    - Senator Mohammad Abdul Qadir ..... 29
    - Senator Aimal Wali khan ..... 31
    - Senator Raja Nasir Abbas ..... 32
    - Senator Khalida Ateeb ..... 35
    - Senator Rubina Qaim Khani ..... 35
    - Senator Naseema Ehsan ..... 36
    - Senator Khalil Tahir ..... 37
    - Senator Kamil Ali Agha ..... 37
    - Senator Saifullah Abro ..... 38
    - Senator Nadeem Ahmed Bhutto ..... 39
    - Senator Sarmad Ali ..... 40
    - Senator Amir Waliuddin Chishti ..... 41
    - Senator Husna Bano ..... 41
    - Senator Jam Saifullah Khan ..... 42
    - Senator Rana Mahmood ul Hassan ..... 42
    - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ..... 43
    - Senator Falak Naz ..... 43
    - Senator Saleem Mandviwalla, Chief Whip ..... 44
5. Condolence Resolution moved by Senator Sherry Rehman expressing profound grief and sorrow over the sad demise of Senator Taj Haider ..... 46
6. Condolence Resolution moved by Senator Azam Nazeer Tarar expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Professor Khurshid Ahmed ..... 48

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Thursday, the April 15, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝٢ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝٣ اِیَّاكَ
نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۝٧

ترجمہ۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو پالن ہار ہے تمام عالم کا بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، انصاف کے دن کا بادشاہ ، اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی اعانت چاہتے ہیں۔ سیدھے رستے پر ہمیں چلا، ان لوگوں کے رستے پر جن پر تیرا انعام ہوا نہ ان لوگوں کے رستے پر جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ گمراہوں کے۔

سورۃ الفاتحہ (آیات ۱تا۷)

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: Panel of Presiding Officers. In pursuance of sub-Rule 1 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I

nominate the following Members in order to form a panel of presiding officers for the 348th Session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Samina Mumtaz Zehri
2. Senator Anusha Rahman Ahmad Khan
3. Senator Faisal Ali Sabzwari

## **Fateha**

Mr. Chairman: The House may offer fateha for the following:

Senator Taj Haider and former Senator Prof. Khurshid Ahmed, for deceased mother of Army Chief, for eight Pakistani citizens killed in Iran, for victims of Jaffar Express, for the personnel of law and enforcement agencies martyred in various incidents of terrorism and for martyred Palestinian brothers and sisters.

سینیٹر عبدالواسع صاحب! اگر آپ تعزیت کروادیں۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ پڑھی گئی)

Mr. Chairman: Order No. 02, Condolence Resolution and Reference. Hon'ble Senators, respected colleagues, it is with a very heavy heart that we commence this session following the sad demise of Senator Taj Haider, a mentor, a friend, a parliamentarian par excellence, and a beacon of principled politics. On behalf of this august House and its members, I express our deep sorrow and convey our sincerest condolences to his family, friends and the nation.

It is a huge loss not only for this Chamber but for the entire nation and the country, which he served with unwavering dedication, integrity and compassion. A founding member of Pakistan People's Party, Senator Taj Haider was a man of rare brilliance, equally gifted in

politics, literature and science. A recipient of the Sitara-i-Imtiaz and for his contribution to science, he was instrumental in transformative projects like the Saindak Mineral Development Projects, Hub Dam, Thar Coal Initiative and Manchur Lake, rehabilitation efforts that reflected his vision for a progressive, self-reliant Pakistan. His early contribution as a PTV drama writer, showcased his creative genius, earning him the PTV Best Drama Serial Award in 2006. Yet, his true calling was public service, where he championed the downtrodden with unwavering resolve. He stood firmly with Quaid-e-Awam Zulfiqar Ali Bhutto's mission, believing in people's powered change. His writing, vision and speeches were all guided by one principle, justice for the marginalized. This is also vindicated by the fact that as the coordinator of the Tharparkar Relief Committee, he worked tirelessly to alleviate sufferings, embodying his lifelong motto, "right must prevail over might". Elected to the Senate in 1995, he served with distinction on key Committees including Industries, Water and Power, Education, Less Developed Areas and Delegated Legislation, always advocating for equitable development. Moreover, the Standing Committee on Parliamentary Affairs under his remarkable stewardship made profoundly transformative contributions to electoral reforms.

In remembering Senator Taj, let us pay tributes to a towering apostle for democracy who remained steadfast in his commitment to social justice, human rights and the rule of law and public service. Let us honour his memory by upholding the values he fought for democracy, equality and relentless services to the

people. May Allah Almighty grant him the highest place in Jannah and give his family, friends and all who loved him, the strength to bear this irreparable loss. As per tradition of this House, we will not transact our formal business today and a reference will be held for Senator Taj Haider, acknowledging his services for democracy and politics of Pakistan. The members will make brief speeches, not more than five minutes each, paying tributes to Senator Taj Haider, and thereafter, a condolence resolution will be moved. Thank you.

Who will open the debate? Senator Sherry Rehman sahiba.

## Condolence Reference on the sad demise of Senator Taj Haider

### Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے، میں ایوان اور ہم سب کی طرف سے آپ کو دلی مبارک باد پیش کرنا چاہتی ہوں۔ آپ Inter-Parliamentary Speakers Conference (ISC) کے چیئرمین منتخب ہوئے ہیں۔ ہم آپ کو پوری قوم اور پورے ایوان کی طرف سے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ آپ ہمیشہ ہمارے لیے فخر کا باعث بنیں اور امید رکھتے ہیں کہ اسی طرح آپ ہر جگہ پر ہمیں سرخرو کریں گے شکریہ۔

جناب والا! اب آپ کی اجازت سے، میں سینیٹر تاج حیدر صاحب کے لیے چند تعزیتی الفاظ کہنا چاہوں گی۔ تاج حیدر صاحب نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی اور اس ایوان کے ایک ممتاز رکن تھے، بلکہ وہ ایک عظیم سیاستدان، سینئر رہنما اور ایک سچے پارٹی کارکن تھے۔ یہ لمحہ ہمارے لیے نہایت افسوس ناک اور دلی صدمے سے بھرا ہوا ہے، کیونکہ ہم نے ایک ایسے رہنما کو کھو دیا ہے جو صرف سیاستدان نہیں، بلکہ ایک نظریاتی رہنما، ایک صاحب علم ادیب، فکری رہبر اور سچے پاکستانی تھے۔

تاج حیدر مرحوم کا شمار صرف پیپلز پارٹی کے بانی اراکین میں سے نہیں تھا بلکہ وہ سوشلسٹ تحریک کا بھی حصہ تھے اور باقاعدہ شمولیت اختیار کرتے ہوئے انہوں نے پارٹی کو join کیا۔ انہوں

نے پارٹی کے مشکل وقتوں میں بھی ساتھ دیا اور اس وقت وہ پارٹی کے سیکریٹری جنرل تھے اور میں یہ بھی بتادوں جو بات ہم نے کہیں نہیں کی ہے کہ تاج حیدر صاحب نے کینسر کے خلاف ایک طویل جنگ لڑی۔ وہ اس ایوان میں آتے رہے، ہر کمیٹی میں فعال کردار ادا کرتے رہے،اور اسپتال سے بھی جتنا ممکن ہوا، اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔ لیکن کبھی شکایت نہیں کی، کبھی ایسا کچھ نہیں کہا جس سے لگے کہ وہ کسی تکلیف میں ہیں۔

جناب چیئرمین! تاج حیدر صاحب 2012 سے 2018 تک اور پھر 2021 سے 2027 تک سینیٹر منتخب ہوئے۔ سینیٹ میں ان کی خدمات نہایت فعال اور موثر رہیں۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد و ضوابط و استحقاق کے چیئرمین تھے اور مختلف اہم کمیٹیوں جیسے کہ ماحولیاتی تبدیلی، صنعت و پیداوار، پانی و بجلی، تعلیم، ٹیکنالوجی اور پاک چین اقتصادی راہ داری سے متعلق کمیٹیوں کے بھی رکن رہے۔ انہوں نے نہ صرف قانون سازی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کیا بلکہ جمہوریت کے استحکام کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی۔ شاید بہت سے لوگ یہ بات نہ جانتے ہوں کہ سینیٹر تاج حیدر صاحب نے 1999 سے 2000 تک پاکستان کے ابتدائی صنعتی منصوبوں میں بھی بہت فعال کردار ادا کیا۔Heavy Mechanical Complex, Hub Dam اور دیگر کئی سماجی اور قومی نوعیت کے منصوبوں میں حکومت کی معاونت کی۔ سینیٹر تاج حیدر نہ صرف سیاست کے میدان کے سپاہی تھے بلکہ فنون لطیفہ اور ادب میں بھی ان کا مقام بلند ہے۔ ہم سب شاید جانتے ہیں کہ وہ ٹیلی وژن کے ڈرامے بھی لکھا کرتے تھے اور PTV کے سب سے مقبول ڈرامہ تحریر کرنے پر انہیں 2006 میں ایوارڈ بھی ملا تھا۔

ادب کے علاوہ انہوں نے مختلف قومی اور بین الاقوامی اخبارات میں سیاسی، سماجی اور نظریاتی موضوعات پر گہرے، تجزیاتی کالمز تحریر کیے۔ وہ ہمیشہ پسماندہ طبقات کی رہنمائی کرتے اور ان کی طرف داری کرتے تھے۔ Labour movement سے بھی ان کا بہت بڑا تعلق تھا اور مجھے پہلی مرتبہ دیکھ کر پڑھنا پڑ رہا ہے کیونکہ ان کی خدمات اتنی وسیع تھیں اور ان کا career اتنا طویل اور جسے کہتے ہیں کہ accomplishment سے بھرا ہوا، he was a truly accomplished man اور میں نہیں چاہتی کہ میں کچھ چھوڑ دوں۔

2012 میں حکومت پاکستان نے انہیں ستارہ امتیاز برائے سائنسی خدمات سے نوازا۔ یہ ان کی علم پروری، فکری خدمات اور قومی سطح پر ان کے کردار کا ایک بڑا اعتراف تھا۔ 2013 میں وہ حکومت سندھ کے Media Coordinator منتخب ہوئے۔ 2016 میں انہیں سینیٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی کا پارلیمانی لیڈر بھی مقرر کیا گیا۔ اس دوران ان کی قیادت میں پارٹی نے سینیٹ میں کئی اہم قومی معاملات پر موثر کردار ادا کیا تھا۔

سینیٹر تاج حیدر کی زندگی کا ہر پہلو خدمت، علم، قربانی اور اصولوں سے جڑا ہوا تھا۔ جو بھی انہیں جانتا تھا وہ یہ ضرور کہتا تھا کہ ان کی شفافیت، ان کی جمہوریت سے لگن، ان کی اصول پرستی اور ان کی نرم دلی ان کے character کی ایک صفت بن گئی تھی اور وہ کبھی بھی کسی سے اونچی آواز میں بات نہیں کرتے تھے لیکن حقوق کی جنگ میں آواز ضرور بلند کرتے تھے اور خاص طور پر جناب چیئرمین، مظلوم کے حقوق کی جنگ میں انہوں نے کبھی کوئی compromise نہیں کیا اور شاید دوستوں کو یہ بھی نہیں پتا، ان کی خدمات اور بھی بہت ہیں لیکن بہت سارے دوست سینیٹ میں تو جانتے ہیں کہ وہ پچھلے تین ماہ تک علالت کے باوجود نہ صرف Committees attend کر رہے تھے لیکن اس سے پہلے بھی وہ یہاں بیٹھ کر کہتے تھے 'ارے لڑکی، تمہاری تو اتنی کم عمر ہے، میں تو اس عمر میں ٹینس کھیل رہا ہوں، تم کہہ رہی ہو کہ تم تھک گئی ہو'، دیکھیں ایسی بات ہوتی ہے اور کبھی بھی ان سے کچھ کہا جائے ان سے کوئی رہنمائی کی طلب ہو یا advise لی جائے تو انہوں نے ہمیشہ دل کھول کر سب کی مدد اور معاونت فرمائی اور سب کو ہمیشہ خوش دلی سے تسلیم کیا، کبھی آپ ان کے گھر بھی جائیں تو انہوں نے آپ کی اتنی خدمت کرنی تھی کہ کوئی بھول نہیں پاتا۔

میں صرف اتنا کہنا چاہتی ہوں کہ سینیٹر تاج حیدر صاحب جیسے لوگ ہم سب کے لیے انمول نگینہ تھے۔ پیپلز پارٹی کے لیے تو ان کی بہت بڑی شخصیت اور کردار تھا لیکن اس ایوان میں بھی ان کی ہر طرف عزت ہے، respect تھی اور ہے۔ ان کے جتنے بھی اعمال ہیں وہ نہ صرف جمہوریت اور اصول پسندی سے جڑے ہوئے تھے بلکہ میں اب یہ کہوں گی کہ ان کی legacy بھی یہی ہونی چاہیے۔ ان کو یاد کرتے ہوئے بہت افسوس ہوتا ہے کہ وہ اب ہمارے ساتھ نہیں ہیں لیکن ان کے افکار اور اعمال ہم سب کے لیے اور خاص طور پر پیپلز پارٹی کے لیے مشعل راہ ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ ہر فاضل رکن کی بھی یہی سوچ ہو گی۔

میں آخر میں دعاگو ہوں کہ ان کو اللہ تعالیٰ جوار رحمت میں جگہ عطا کریں اور ان کی family جو ان کے ساتھ رہی، خاص طور پر ان کی بیگم اور ان کے بچے جو ان کے ساتھ اسلام آباد آتے تھے، ان کے ساتھ ہم گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ اس مشکل گھڑی میں ہم جتنا بھی ان کا ساتھ دے سکیں وہ کم ہے۔ اللہ تعالیٰ تاج بھائی کو جنت نصیب کرے بلکہ اللہ تعالیٰ سے یہ بھی دعا ہے کہ وہ انہیں دکھائیں کہ ہم ان کو کتنا یاد کر رہے ہیں، ان پر یہ بات عیاں ہو۔ ان کی family کے لیے بس یہی کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا کرے۔ ان کے لیے مشکل حالات ہیں، آپ کے توسط سے ہم ان کی family تک یہ پیغام پہنچانا چاہتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، اگر تاج بھائی نہیں ہیں لیکن ان کی یاد ہم سب کے دلوں میں تازہ ہے اور ہم کسی بھی کام یا مسئلے کے لیے مشترکہ طور پر یا individually حاضر ہیں۔

جناب چیئرمین! ان الفاظ کے ساتھ میں شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ آپ نے مجھے وقت بھی دیا اور یہ تعزیتی اجلاس بھی ان کے لیے بلایا۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی قائد حزب اختلاف صاحب۔

**Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition**

سینیٹر سید شبلی فراز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج ایوان بالا کا خصوصی اجلاس ہے جو کہ ہمارے ایک بڑے ہی محترم colleague سینیٹر تاج حیدر صاحب جو کہ اب ہمیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور آج کا اجلاس ان کی یاد میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ میں اپوزیشن کی طرف سے اور بالخصوص اپنی جماعت کی طرف سے ان کی family کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہوں اور ان کے پارلیمانی career میں ان کا جو کردار رہا ہے، وہ بہت multi-faceted شخص تھے۔ ان کا ادب سے تعلق تھا اور وہ ایک ادبی گھرانے سے تعلق رکھتے تھے اور اس تعلق سے انہوں نے ہمیشہ یہ ثابت کیا کہ وہ کچھ مختلف تھے۔ ایسی ہمہ گیر شخصیت جو کہ سائنس پر بھی اور ادب پر بھی عبور رکھتی ہو، وہ mathematician تھے، ڈرامہ نگار بھی تھے اور اس کے علاوہ ایک نظریاتی سیاست دان بھی تھے۔ گو کہ بدقسمتی سے نظریات کا اب ہماری سیاست سے کوئی زیادہ تعلق نہیں رہا جس کی وجہ سے ہم آج مختلف سمتوں میں بھاگ رہے ہیں۔

سینیٹر تاج حیدر جیسے لوگ جو کہ ہمیشہ ایک بڑے ہی ایمان دار طریقے سے، بڑے ہی دھیمے طریقے سے، ان کی جو ذمہ داری ہوتی تھی وہ اسے بڑے ہی بھرپور انداز میں ادا کرتے تھے اور وہ believe کرتے تھے کہ انہیں جو کام بھی سونپا گیا ہے اسے پوری ایمان داری کے ساتھ سرانجام دینا ہے۔ ان کے ساتھ میری interactions اتنی طویل نہیں تھیں لیکن اہم ضرور تھیں۔ انہوں نے ایک ایسے وقت میں جب ہماری جماعت اور ہماری حکومت electronic voting machines introduce کروا رہی تھی اور ہماری الیکشن کمیشن آف پاکستان سے بھرپور مخالفت ہو رہی تھی اور even Parliament سے ہماری بہت مخالفت ہو رہی تھی۔ ہم چاہتے تھے کہ اس ملک میں انتخابات free, fair and transparent ہوں اور اس کی وجہ سے ہماری حکومت نے یہ ایک initiative لیا تھا اور اس کمیٹی میں جس کی سربراہی تاج حیدر صاحب کر رہے تھے۔ انہوں نے ہمیں یہ احساس نہیں ہونے دیا گو کہ ان کی پارٹی اس Bill کی مخالفت کر رہی تھی، اس initiative کی، electronic voting machine کی۔ ہم نے سینیٹر تاج حیدر کو پورا committed پایا، ان کی کسی بھی نہ تو بات سے اور نہ ہی کسی ایسے gesture سے ہمیں یہ احساس ملا کہ وہ اپنی leadership کو misuse کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جو وہاں سے لے کر بلکہ انہوں نے اپنی recommendations بھی دیں اور unfortunately پھر اس پر عمل نہیں ہوا کیونکہ بد قسمتی سے، ہم یاد کرتے ہیں ان لوگوں کو لیکن ہم شاید ان کو اتنا appreciate نہیں کرتے ان کی زندگی میں، ان کو وہ support نہیں دیتے۔ احمد ندیم قاسمی کا میرا خیال ہے کہ ایک شعر ہے اگر میں ٹھیک پڑھ رہا ہوں کہ:

تمام عمر سنگ زنی کرتے رہے اہل وطن
یہ اور بات کہ دفنائے گئے اعزاز کے ساتھ

جناب چیئرمین:

عمر بھر سنگ زنی کرتے رہے اہل وطن
یہ الگ بات کہ دفنائیں گے اعزاز کے ساتھ

میرے والد نے اپنی آخری diary میں یہ لکھا تھا۔

سینیٹر سید شبلی فراز: ہم کاش یہ practice کریں کہ جو لوگ موجود ہیں جو کہ اس وقت ہیں ہم ان سے اسی محبت، اسی شفقت، اسی احترام کے ساتھ deal کریں نا یہ کہ انتظار کریں کہ جب وہ اس دنیا سے چلے جائیں تو تب ہم ان کو یاد کریں کیونکہ اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ان کے جو اہل خانہ ہیں، ان کے جو دوست اور احباب ہیں اس بات سے انہیں کافی اطمینان ہوگا کہ ان کا ساتھی، ان کے والد، ان کے بھائی جو بھی رشتے دار ہیں وہ یہ سمجھیں گے کہ ان کی بہت خدمات ہیں۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب کی جو آخری meeting تھی اس میں بھی مجھے چیئرمین صاحب نے کمیٹی meeting میں بتایا کہ ان کی commitment کی یہ انتہا تھی کہ باوجود اس کے کہ ان کی صحت، کینسر کے مرض سے وہ نبرد آزما تھے۔ اس کے باوجود بھی انہوں نے یہ سمجھا کہ ان کو اس کمیٹی میں جانا چاہیے وہ آئے اور انہوں نے Privileges Committee کو preside کیا اور اس سے یہ ثابت کیا کہ ان کی commitment جو ہے وہ کتنی deep rooted ہے کہ انہوں نے اپنی صحت کی خرابی کے باوجود یہ سمجھا کہ ان کو جانا چاہیے اور وہ آئے اور میرے خیال سے وہ ہی ان کی زندگی کی آخری political engagement تھی۔

ہمیں بہت افسوس ہے، بہت دکھ کے ساتھ ہم کہتے ہیں کہ جو سینیٹر تاج حیدر صاحب تھے ایک بہت دھیمے انداز کے، ایک بہت ہی mature قسم کے عمر کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کے مزاج میں ویسے ہی maturity تھی۔ ان کی جو باتیں تھیں وہ جس طرح سے گفتگو کرتے تھے، جس مدھم طریقے سے گفتگو کرتے تھے۔ ان کو اپنی گفتگو پر جتنا عبور حاصل تھا یا اس subject پر جس پر وہ بات کر رہے ہوتے تھے۔ ہم نے ان سے کافی سیکھا دانستہ یا غیر دانستہ طور پر، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں اپنے اس طرح کے colleagues جو کہ کم آتے ہیں۔ To be very honest جو intellectually اتنے strong ہوں ان سے ہمیں guidance بھی ملتی ہے اور House کا وقار بھی بڑھتا ہے اور امید ہم یہی رکھتے ہیں کہ آنے والے وقتوں میں ان پر کام بھی ہوگا۔ ان کی جو بھی contributions ہیں اور یہ tradition ہونی چاہیے کہ جو اس طرح کے ہمارے outstanding colleagues رہے ہیں، بڑے دانشور رہے ہیں ان کے کاموں پر، ان پر کچھ لکھا جائے تاکہ آنے والے جو young senators ہیں وہ اس سے مستفید ہو سکیں۔

میں آخر میں یہی کہوں گا کہ سینیٹر تاج حیدر ہمارے بہت ہی قابل، محترم colleague تھے۔ ان کی family کے ساتھ ہم تعزیت بھی کرتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ سینیٹر تاج حیدر پر فخر کریں گے کیونکہ ان کی شخصیت اور ان کی جو contributions ہیں، پارلیمنٹ کے اندر اور پارلیمنٹ کے باہر، ادب میں یا سائنس میں جو بھی field انہوں نے چنی اس میں انہوں نے اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کی فیملی کو صبر کی تلقین عطا فرمائے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: حامد خان صاحب آپ نے مائیک on کیا ہوا ہے۔ You want to speak?

**Senator Hamid Khan**

سینیٹر حامد خان: جناب چیئرمین! میرے نزدیک آج ہم جو خراج تحسین پیش کر رہے ہیں وہ ایسی شخصیت کو کر رہے ہیں جو کہ حقیقتاً PPP کے بانیوں میں سے تھے اور اس سے قبل ایک آزاد سوچ رکھنے والے انسان تھے۔ آہستہ آہستہ اس سوچ کی کمی ہوتی جا رہی ہے، وہ اس سوچ کے ایک نمائندہ تھے اور یہ چیز ہماری سیاست سے ختم ہوتی جا رہی ہے جو لوگ عوام کی سوچ زیادہ رکھتے ہیں بلکہ elite class کے ساتھ ان کا کم سے کم تعلق ہے۔ تاج حیدر صاحب کے بارے میں میرا کبھی ان کے ساتھ براہ راست interaction نہیں رہا ہے، جو کچھ ان کے بارے میں پچھلے چالیس پچاس سالوں میں سنتا آرہا ہوں وہ بہت قابل تحسین ہے اور میں امید رکھوں گا کہ جس سوچ سے PPP کو بنایا گیا تھا 1967, 1968 میں۔ میں اس وقت اس عمر میں تھا جب میرے سامنے یہ سب کچھ ہوا۔ گو میں ممبر نہیں تھا لیکن میں ان میں سے ضرور تھا کہ جو PPP کے original thought کے لوگوں کے ساتھ، سوچ کے حوالے سے ساتھ رہا ہوں as an activist بھی۔

یہ لوگ ان آخری چند لوگوں میں سے ہیں جو کہ در حقیقت ideological ساتھی تھے PPP کے۔ انہوں نے ہمیشہ جو PPP کی بنیادی طور پر ideology تھی جس میں عوام کی ایک سوچ تھی، عوام کی بہتری کی سوچ تھی، عوام کو ان کے جمہوری حقوق دلانے کی سوچ تھی۔ جن میں آئین اور آئین کی بحالی کے لیے، آئین کی مضبوطی کے لیے ان کی سوچ تھی۔ وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اصلی آئین جو 1973 میں متفقہ طور پر اس ملک کو دیا گیا، ان کی سوچ رکھنے والے لوگوں میں سے تھے اور پھر 2010 میں بھی جب آئین کو کسی حد تک بحال کیا گیا دو بڑے military

dictatorsکے خوفناک ادوار کے بعد وہ اس وقت بھی موجود تھے آئین کو اپنی اصل شکل میں لے کر آنے میں۔

تاج صاحب ان لوگوں میں سے تھے جو اصل میں آئین کو ٹھیک معنوں میں اس سوچ کے مطابق لانا چاہتے تھے جو کہ جناب مرحوم ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی سوچ تھی اور کافی حد تک محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ کی سوچ تھی۔ میرا جتنا بھی میڈم سے interaction ہوا ہے اس کے حوالے سے میں ان کو تھوڑا بہت جانتا ہوں MRD movement میں محترمہ اس سوچ کی مالک تھیں اور یہ بھی ان ہی کی سوچ کے لوگوں میں سے ایک تھے اور میں بس یہی کہوں گا کہ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے اور اللہ کرے کہ PPP میں ان کی سوچ رکھنے والے لوگوں میں اضافہ ہو۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: کامران مرتضیٰ صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: تاج حیدر کی وفات کے بارے میں ہم بات کر رہے ہیں میرا ان کے ساتھ interaction شاید 2003 کے شروع سے ہے یا تھا اور اتنے شریف لوگ میں نے اپنی زندگی میں بہت کم دیکھے ہیں۔ کل بھی میں بات کر رہا تھا سارے لوگ شریف ہوتے ہیں مگر وہ شریفوں میں بھی ایک انتہائی عجیب قسم کے شریف انسان تھے اور نفیس۔ میں جو بات کرنا چاہ رہا تھا کہ ان کے خاندان کا بلوچستان پر ایک احسان ہے بلکہ بلوچستان پر تعلیم کے حوالے سے احسانات ہیں۔ میری جب بھی ان کے ساتھ بات ہوئی وہ بلوچستان کے حوالے سے اپنے والد کی وجہ سے ایک خاص تعلق رکھتے تھے اور بلوچستان میں جو لولی لنگڑی تعلیم آج موجود ہے اس میں ان کے والد کا اور ان کے خاندان کا بہت بڑا کردار ہے۔ تاج حیدر جیسے لوگ کبھی بھی کسی قسم کے تعصب کا شکار نہیں ہوتے تھے۔ ہم سب کسی پارٹی کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں اور پارٹیوں سے تعلق رکھتے ہوئے بھی بعض اوقات ہم وہی لائن لیتے ہیں جو پارٹی کی ہوتی ہیں مگر ان کی لائن ہمیشہ independent ہوا کرتی تھی۔ جو ان کا ذہن کہہ رہا ہوتا تھا آپ ان سے اتفاق کریں یا نہ کریں مگر جو ان کا ذہن کہتا تھا وہ وہی بات بہت نفیس انداز میں، بہت تحمل کے ساتھ اور بہت خوشدلی کے ساتھ کرتے تھے۔ اللہ پاک ان کی مغفرت کرے، ان کے درجات بلند کرے اور ان کی فیملی کو صبر دے۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایک ایسا نقصان ہے کہ جو صرف فیملی کا نقصان نہیں ہوا کرتا، نہ پارٹی کا نقصان ہوا کرتا ہے بلکہ یہ ملک و قوم کا

نقصان ہے۔ میں اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے ان کے لیے مغفرت کی دعا کرتا ہوں اور اس غم میں برابر کا شریک ہوں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law.

**<u>Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف): جناب چیئرمین! احمد ندیم قاسمی صاحب نے تاج حیدر بھائی جیسے لوگوں کے لیے کہا تھا کہ؛

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا

میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

جناب چیئرمین! تاج بھائی واقعی علم، تجربے، محبت، خلوص اور سب سے بڑی بات میں کہوں گا وفا کا دریا تھے۔ وہ اپنی خوبصورت مسکراہٹیں، چمکتی ہوئی آنکھیں اور شائستہ لہجہ پیچھے چھوڑ کر سمندر میں اتر گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! میرے خیال میں تاج بھائی کا شمار ان لوگوں میں ہے جو ایک ایسی legacy چھوڑ کر گئے ہیں کہ ہم سب اور یہ ایوان اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہے کہ وہ اس ایوان کا حصہ تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ کچھ اداروں کی وجہ سے لوگ معتبر ہوتے ہیں اور کچھ لوگوں کی وجہ سے ادارے معتبر ہوتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ تاج بھائی بھی ان لوگوں میں سے تھے کہ وہ جہاں پر ہوتے تھے وہ اپنے کردار کی وجہ سے، اپنے علم اور تجربے کی وجہ سے وہ ایک وجہ عزت بنتے تھے۔ Leader of the Opposition نے یاد کروایا کہ EVM کا matter ایک بڑا heated قسم کی debate require کرتا تھا۔ ہم لوگ اس وقت Opposition Benches پر تھے اور شبلی صاحب ادہر تشریف رکھتے تھے۔ پارلیمانی امور کی کمیٹی تاج حیدر صاحب کے پاس ہوتی تھی۔ انہوں نے جس تحمل اور بردباری کے ساتھ ہفتوں تک وہ کمیٹی چلائی اور اس میں انہوں نے ہر ممکن کوشش کی کہ کوئی پہلو رہ نہ جائے۔ انہوں نے اس کے لیے ماہرین بھی بلائے تھے۔ انہوں نے غیر سرکاری تنظیموں FAFEN and PILDAT کو بھی بلوایا۔ انہوں نے سپین، جرمنی اور اٹلی سے بھی رپورٹس منگوائیں۔ ECP کو پورا موقع دیا۔ حکومت اور اپوزیشن کو بھی پورا موقع دیا۔ وہ اپنی طبع کے انسان تھے اور زور قلم بھی تھا۔ گفتگو کا سلیقہ بھی تھا۔ انہوں نے جو کمیٹی کی رپورٹ اس پر لکھی۔ اس کی شہ سرخی triumph and the tragedy تھی۔ میں کہوں گا کہ وہ دفتر میں ہوگی کیونکہ سیشن ختم ہوگیا تھا وہ جاری نہیں ہوئی۔ وہ پڑھنے والی رپورٹ ہے۔ بڑی

طویل رپورٹ تھی۔ وہ بھی جاری کرنے سے پہلے انہوں نے ہم سب سے share کرکے تو پھر بھی معاونت چاہی کہ میں نے یہ conclude کیا ہے اگر آپ نے اس میں کوئی addition یا deletion کرنی ہے تو آپ ضرور کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ وفاداری بشرط استواری اصل ایماں ہے۔

تاج صاحب وفا شعاری کی ایک زندہ مثال تھے اور ایک بہت بڑا نمونہ چھوڑ کر گئے ہیں کہ آج سے 58 سال پہلے جس جماعت کی بنیاد رکھنے والوں میں تھے، آج اسی جماعت کا جھنڈا کندھے پر سجائے ہوئے اس دنیا سے چلے گئے ہیں۔ یہ بھی میرے خیال میں تھوڑے لوگوں کے نصیب میں ہوتا ہے کہ وہ اپنی جگہ پر کھڑے رہیں۔ تاج صاحب کی floor of the House پر جو contribution تھی اس کے علاوہ پچھلے تین سال سے شہادت اعوان صاحب بھی میرے ساتھ ہیں ہم اکٹھے رہے ہیں۔ تاج صاحب چند لوگوں میں سے ہیں۔ انہوں نے کبھی کبھار اگر دو تین مہینے کے بعد ٹیلی فون کرکے یا یہاں بیٹھ کر یا لابی میں بلا کر میں نے آج تک اپنے بارے میں کوئی کام کہتے ہوئے مجھے یاد نہیں پڑتا۔ ان کے مسائل کیا ہوتے تھے؟ فلاں جگہ پر ایک ادارہ ہے اس کا دھیان کیجیے گا۔ اس میں یہ مسئلہ ہے۔ کچھ sacked employees تھے ان کا مدعا لے کر وہ ہمیشہ مجھ سے discuss کرتے رہے۔ تاج بھائی پچھلے سال تک یعنی 82سال کی عمر تک ماشاءاللہ Tennis Court کی رونق تھے۔ ایک آدھی problem وہاں پر آئی تو تاج بھائی کا فوراً فون آیا۔ شیری بی بی کا بھی فون آیا تو انہوں نے کہا کہ دیکھیں یہ ہو گیا۔ CDA نے یہ کر دیا اور وہ کر دیا۔ انہوں نے کبھی اپنی ذات کے بارے میں بات نہیں کی۔ تاج صاحب سے میرا یہاں آنے سے پہلے ایک interaction تھا۔ میں نے ان کو ایک دن وہ یاد بھی کروایا۔ وہ گورنمنٹ کالج لاہور میں تھا۔ وہاں پر جو ہماری students politic تھی۔ وہاں پر ہماری ایک تنظیم راوین فرینڈز تھی ،، which was alliance of liberal parties students wings, I am referring to early and mid-80s. تو وہاں پر ایک تقریب میں میری ان سے ملاقات ہوئی اور گفتگو کا سلسلہ کچھ دیر رہا۔ وہی شائستگی جو میری بچپن یا جوانی کہہ دیں وہ تاج صاحب میں دیکھی۔ وہی شائستگی یا لہجے کی جو خوبصورتی تھی ان میں آج بھی تھی۔ وہی خلوص ان میں آج بھی موجود تھا۔ موسم اور حالات بدلتے رہے لیکن تاج صاحب ان لوگوں میں سے تھے جو ایک جیسے رہے ہیں۔ ایک جیسے رہنے والے لوگ ہی یاد رہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ بہت سارے دوست بات کرنا چاہیں گے۔ میں حکومت پاکستان کی طرف سے، اپنی طرف سے اور اپنے ساتھیوں کی طرف اپنی حلیف جماعت پاکستان پیپلز پارٹی اور ان کے خاندان کے لوگوں سے تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ ہم آپ کے غم میں شریک ہیں۔ تاج صاحب آپ کا حصہ تھے لیکن تاج صاحب ہم سب کا حصہ تھے۔ تاج صاحب ہم سب کی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ ان کے لواحقین کو بہت آسانیاں دیں۔ اس دعا کے ساتھ کہ اللہ ہمیں بھی جو ان سے سیکھا ہے اس میں مزید اضافے کی توفیق عطا فرمائے۔ جانے والوں کے بارے کہا جاتا ہے کہ لوٹتے نہیں ہیں لیکن ان کی یادیں ہمارے ساتھ رہتی ہیں۔

کچھ ایسے بھی اٹھ جائیں گے اس بزم سے جن کو
تم ڈھونڈنے نکلو گے مگر پا نہ سکو گے

تاج بھائی! ہم آپ کو پاتے رہیں گے۔ آپ ہمارے ارد گرد ہوں گے۔ آپ کی کہی ہوئی باتیں اور آپ کی مسکراہٹ ہمیں آپ کی یاد دلاتی رہے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: حاجی ہدایت اللہ صاحب۔

**Senator Hidayatullah Khan**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ۔ جناب چیئرمین! میں نے جو آیت مبارکہ تلاوت کی ہے اس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہر ایک ذی روح، صرف انسان نہیں۔ اس میں نباتات، حیوانات اور جمادات سب آتے ہیں کہ انہوں نے ایک دن جانا ہے۔ موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اس کے فوراً بعد فرماتے ہیں کہ ہر آدمی کو حساب کتاب کے بعد قیامت کے دن اس کو دکھا دیں گے کہ آپ کے برے اعمال یہ ہیں اور اچھے اعمال یہ ہیں۔ اس کے نسبت اس میں کامیاب آدمی وہ ہے جو جہنم کے آگ سے بچ کر جنت میں داخل ہو جائے اور یہ دنیا کا

سامان دھوکے کا ہے۔ یہ دھوکا ہے۔ سب کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ہم نے ایک دن یہاں سے جانا ہے اور سب انسان اس طرح آتے ہیں اور تعزیت پیچھے والے کریں گے۔

سینیٹر تاج حیدر مرحوم کے بارے میں بہت سی باتیں ہمارے حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے ساتھیوں نے کیں۔ واقعی وہ ایسے آدمی تھے کہ جن کے ساتھ ہم یہاں سینیٹ کے اندر تقریباً چار سال رہے ہیں۔ ہم ان کے ساتھ بیٹھتے تھے۔ وہ بہت نفیس اور اچھے انداز سے، مسکراتے ہوئے اور بہت دھیمی آواز میں بات کرتے تھے اور دوسروں کو سمجھاتے بھی تھے۔

ایک مرتبہ ہم نے پشاور میں Devolution Committee کا اجلاس رکھا تھا۔ ہم نے ایک دن اور ایک رات وہاں پر گزاری۔ آپ یقین کریں کہ اتنا میٹھا اور اتنا نفیس آدمی ہم نے کبھی نہیں دیکھا۔ نہ کسی چیز کا مطالبہ، نہ یہ کہ کمرہ اچھا ہے، نہ یہ کہا کہ ہمارے کھانے کا انتظام کرو۔ الحمدللہ، سب ٹھیک تھا لیکن انہوں نے اپنی طرف سے کوئی مطالبہ پیش نہیں کیا۔ میں نے ان کے ساتھ سفر کیا ہے، اس لیے میں ان کی اچھائی بیان کروں تو میرے خیال میں میرا حق بنتا ہے۔

دوسری بات، پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ان کی بے شمار خدمات ہیں۔ وہ اولین اراکین میں سے تھے۔ جب شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے پارٹی بنائی تو وہ اس کے ممبر تھے اور پھر آخر وقت تک ان کے ساتھ رہے اور مختلف منازل طے کرتے ہوئے یہاں سینیٹ میں پہنچے۔ ہم انہیں ان کی خدمات کے شایانِ شان، خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ان کے لواحقین، خصوصاً پاکستان پیپلز پارٹی کے اکابرین اور جو ان کے ساتھی اور دوسرے لوگ ہیں، سب کے ساتھ ہم تعزیت کرتے ہیں۔ ہماری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ہم یہ درخواست کریں گے کہ سب ساتھی ان کے لیے ہر نماز میں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی بخشش فرمائے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: پرویز رشید صاحب۔

**Senator Pervaiz Rashid**

سینیٹر پرویز رشید: جناب چیئرمین! آپ کی جانب سے اور ایوان کے تمام اراکین کی جانب سے جو الفاظ، تاج صاحب کے لیے کہے گئے، وہ تمام الفاظ میرے بھی دل کی آواز ہیں۔ تاج صاحب کے ساتھ رفاقت کا سلسلہ تقریباً ساڑھے چار دہائیوں سے قائم تھا۔ وہ ہم سب کے تاج تھے۔ ہم سب وہ جو

خواب دیکھتے ہیں کہ تاج اچھالیں جائیں گے اور تخت گرائے جائیں گے، یہ خواب وہ بھی دیکھتے تھے۔ اس خواب کی تعبیر کے لیے انہوں نے اپنی زندگی کو وقف کیا تھا۔ وہ کھلاڑی بھی تھے، لکھاری بھی تھے اور سیاسی جدو جہد کے بے تاج بادشاہ بھی تھے۔

گو کہ وہ تلخ اور اذیت ناک زندگیوں کو تبدیل کرنے کے خواہش مند تھے لیکن ان کی کسی بات سے کبھی کسی کی دل آزاری نہیں ہوئی۔ وہ جانتے تھے کہ سیاست، افراد کو گالیاں دینے کا نام نہیں ہے۔ سیاست، نظام کو تبدیل کرنے کا نام ہے۔ وہ اسی سیاست کا پرچم بلند کرتے تھے جس میں افراد کو گناہ گار نہیں ٹھہرایا جاتا، نظام کو تبدیل کرنے کی خواہش رکھی جاتی ہے۔ لہٰذا، انہوں نے جتنی تقاریر اس ایوان میں کیں، اس ایوان سے باہر کبھی اظہارِ خیال کیا، اس میں تنقید اور تبدیلی کے لیے ان کا ہدف، کوئی فرد نہیں ہوتا تھا، نظام ہوتا تھا۔ وہ issues کی بات کرتے تھے، مسائل کی بات کرتے تھے اور مسائل کو حل کرنے کے لیے تجاویز پیش کرتے تھے۔ گفتگو اور اپنی بات کہنے کا جو ہنر ان کو دستیاب تھا، میری خواہش رہتی تھی کہ کاش میں بھی ان کی طرح گفتگو کر سکوں۔ آرزو رہتی تھی کہ جیسے وہ سیاست میں اپنا موقف بیان کرتے ہیں، اسی طریقے سے میں بھی انکی پیروی کر سکوں۔

آج وہ ہم میں نہیں ہیں لیکن جو طرزِ سیاست اور سیاست میں اخلاقیات کو قائم رکھنے کا جو سبق انہوں نے دیا ہے، وہ میرے لیے سب سے بڑا اثاثہ ہے۔ اسی اثاثے کو اپنا قیمتی ترین اثاثہ سمجھتے ہوئے، ان کی یادوں کو میں اپنے ساتھ رکھتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ ہم سب تاج صاحب کو یاد رکھتے وقت، ان کے طرزِ سیاست کی پیروی کریں گے۔ جس طرح وہ بغیر کسی تعصب کے، بغیر کسی نفرت کے، بغیر کسی گالم گلوچ کے، بغیر کسی اوئے توئے کے الفاظ استعمال کیے، اپنی بات کو کہتے تھے، اسی طرح ہم بھی اپنی بات کو کہیں گے اور ان کی یاد کو زندہ رکھیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ملک شہادت اعوان صاحب۔

**Senator Shahadat Awan**

سینیٹر شہادت اعوان: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ جناب چیئرمین! تاج بھائی کے ساتھ میر اپچھلے چھیالیس سالوں سے ایک تعلق واسطہ رہا ہے۔ تاج بھائی ہمیشہ dictators کے خلاف بحالی جمہوریت کے، پسے ہوئے عوام کے لیے آواز بلند کرتے رہے اور کبھی کبھار وہ پابند سلاسل بھی رہے۔ مجھے یہ موقع ملتا رہا کہ میں تاج بھائی کو represent بھی کروں۔ جس طریقے سے کامران

مرتضیٰ صاحب نے بھی یاد دلایا کہ وہ اس شخصیت، پروفیسر کرار حسین صاحب کے صاحبزادے تھے کہ جب بلوچستان یونیورسٹی کے لیے وائس چانسلر کا انتخاب ہو رہا تھا تو اس وقت غوث بخش بزنجو صاحب نے کہا کہ فوراً پروفیسر کرار حسین صاحب سے رابطہ کریں۔ جب وہ بلوچستان پہنچے تو گورنر بلوچستان، ان کے والد صاحب کا بحیثیت استاد، بیگ اٹھانے کے لیے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ میرا کہنا یہ ہے کہ وہ اس خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

جناب! تاج بھائی اس سینیٹ میں تین tenures کے لیے 1994 سے 2000 تک، پھر 2014 سے 2018 تک اور آخر میں 2021 سے 2027 تک سینیٹر منتخب ہوئے لیکن شومئی قسمت کہ 8 اپریل کو وہ داعیٔ اجل کو لبیک کہہ گئے۔ وہ میری پارٹی کے founder member تھے، جنرل سیکرٹری بھی رہے۔ تاج بھائی لکھاری بھی تھے۔ ان کی بہت سی کتابیں موجود ہیں جن میں میرے مسترد دھرنے، سندھ کا مقدمہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تاج بھائی اکثر و بیشتر ڈرامے بھی لکھتے تھے۔ ان کے بڑے مشہور ڈرامے ہیں، بارش، رشتے اور راستے، ڈوبتے ابھرتے، درد کے فاصلے اور لب دریا۔

اس کے علاوہ اس وقت مجھے ایک بات یاد آ رہی ہے کہ جس وقت سپریم کورٹ آف پاکستان میں چوہدری افتخار صاحب، چیف جسٹس آف پاکستان تھے، دیدار حسین شاہ صاحب کو چیئرمین نیب مقرر کرنے کے حوالے سے احتجاج کرنے پر ایک contempt کا نوٹس لیا گیا۔ اس سلسلے میں تاج بھائی کو بھی contempt کا نوٹس دیا گیا۔ ساتھ میں شرجیل میمن صاحب بھی تھے اور ہم پیپلز پارٹی کے ورکرز بھی سپریم کورٹ میں موجود تھے۔ اس وقت جب تاج صاحب کورٹ میں پیش ہوئے تو چیف جسٹس آف پاکستان نے انہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ تاج صاحب! آپ پروفیسر کرار حسین کے صاحبزادے ہیں، آپ سے یہ توقع نہیں تھی۔ کہنے لگے کہ مجھے سنیں۔ کہنے لگے کہ آپ کو سنا تو سننے کے بعد نوٹس discharge کرنا پڑے گا تو اب آپ بولیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب! جس عدالت کے لیے، جن ججوں کو بحال کرنے کے لیے ہم نے اتنی struggle کیا، کیا میں اس کی توہین کر سکتا ہوں؟ بات یہ ہے کہ تاج صاحب کے الفاظ میں ایک اثر تھا۔ وہ اپنے اس اثر کی وجہ سے بہت کچھ لے جاتے تھے۔

جناب! میری گزارش یہ ہے کہ آج تاج صاحب کے لیے وہ الفاظ کہنا میرے لیے بہت مشکل ہے کہ زندگی میں بھی وہ میرے ساتھ ہمیشہ سائے کی طرح رہے۔ آپ یہ بھی دیکھ لیں کہ ایوان میں سیٹ نمبر 19 تاج بھائی کی سیٹ ہے۔ آج بھی وہ میرے دل کے ساتھ ہیں اور میرے left پر موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کریں۔ میں سب دوستوں اور خاص طور پر اپنی طرف سے تاج بھائی کی فیملی اور خصوصاً ان کی بیوی ناہید وصی جو بذات خود ایک بڑی anchor, TV host, writer and educationist ہیں، سے اظہار افسوس کرتا ہوں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اللہ کرے تاج حیدر صاحب جیسے مزید لوگ ملک میں رہیں۔ میں اگر آپ کو ان کے خاص، خاص کاموں کے متعلق بتاؤں جو مجھے یاد پڑتے ہیں تو انہوں نے صرف Elections Act پر کام نہیں کیا بلکہ census پر بھی کام کیا۔ میں آپ کو ان کی کتابوں کا بھی بتاؤں گا۔ اگر آپ کو یاد پڑے تو ''سندھ کا مقدمہ'' جو خاص طور پر census کے متعلق تھا، وہ ان کا کام تھا۔ NFC Award پر بھی ان کا کام تھا۔ ان کی ایک کتاب ''میرے مسترد ڈرامے'' بڑی مشہور ہے۔ اس کے علاوہ ''سندھ کا مقدمہ'' بھی بڑی مشہور ہے۔ تاج حیدر صاحب ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی فیملی کو صبر جمیل عطاء کرے اور ان کے کروٹ، کروٹ درجات بلند کرے، آمین ثم آمین۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر قراۃالعین مری۔

**Senator Quran-Ul-Ain Marri**

سینیٹر قراۃالعین مری: شکریہ، جناب چیئرمین! When you compare with others تو تاج صاحب سے میرا اتنا پرانا تعلق نہیں ہے۔ The first time I met him was 25 years ago مگر میرے لئے it is more than half of my life. For me personally, I have known him for a better part of my life. میں یہ بڑے یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ while Pakistan Peoples Party has an ideology and core beliefs, Taj Haider was instrumental in explaining to me and many young people like me the ethos behind that ideology and beliefs. I recall as a young girl when I was 18, 19 or 20 years old, sitting with him in the evening in the Peoples Secretariat

when he was information secretary اور ان کے ساتھ بحث کرنااور ہمارے often militant خیالات کو وہ calm انداز میں سنتے تھے، acknowledge کرتے تھے لیکن dismiss نہیں کرتے تھے۔وہ انہیں بدلنے کی ضرور کوشش کرتے تھے۔ I do not know if any of us can emulate that. Taj Haider was an institution in and of himself اور ہم سب ان کی کمی بہت زیادہ محسوس کریں گے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔جی سینیٹر دنیش کمار۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ، جناب چیئرمین! آج کا ریفرنس ہمارے معتبر سیاستدان تاج حیدر صاحب کی وفات پر منعقد کیا گیا ہے اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے میں یہاں چند الفاظ کہوں گا۔تاج حیدر صاحب جیسے دانشور، شفیق اور انتہائی احترام دینے والی شخصیت کے جانے سے جو خلاء پیدا ہوا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ کبھی پر نہیں کیا جاسکتا ہے۔ وہ آج ہم سے جسمانی طور پر تو جدا ہو گئے ہیں اور یہاں موجود نہیں ہیں لیکن وہ ہم میں روحانی طور پر موجود ہیں۔ان کا دانشورانہ طریقہ اور ان کا شفیق چہرہ مجھے آج بھی ایوان میں نظر آرہا ہے۔ میں بحیثیت بلوچستان کے رہنے والے آپ کو بتاؤں کہ ان کے والد محترم بلوچستان یونیورسٹی کے پہلے وائس چانسلر تھے اور انہوں نے اسے آباد کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ میں جب بھی کراچی سے اسلام آباد آتا تو اتفاق سے آٹھ، دس مرتبہ جہاز میں ہماری سیٹیں بھی اکھٹی ہوتی تھیں اور ان چیزوں پر ہماری بات ہوتی تھی اور وہ ایک الگ انداز سے بلوچستان کے لوگوں کے لئے پریشان رہتے اور سوچتے تھے۔ میں آپ کو یہ بھی بتاؤں کہ حب چوکی، لسبیلہ حلقے سے میرا تعلق ہے، وہاں حب ڈیم بنانے میں جتنی کاوشیں تاج حیدر صاحب کی ہیں، وہ کسی اور کی نہیں ہیں۔ ہم بلوچستان والوں پر یہ ان کا احسان ہے۔ جب ہم چھوٹے تھے تو ہمیں واٹر سپلائی کا میٹھا پانی نہیں ملتا تھا اور ہم کھارا پانی پیتے تھے۔ حب ڈیم بننے کے بعد وہاں کی زراعت کو ترقی ملی اور لوگوں کو صاف پانی پینے کو ملا جس کا سہرا تاج حیدر صاحب کے سر جاتا ہے۔ بحیثیت انسان میں نے انہیں شفیق ترین انسان پایا ہے اور بحیثیت مسلمان میں نے انہیں ایک ideal مسلمان پایا ہے۔ میں آپ کو بحیثیت غیر مسلم بتارہا ہوں کہ وہ ایک شفیق انداز سے ہم سے ملتے تھے۔

جناب! تھرپارکر میں ہندو برادری اکثریت میں ہے۔ وہ تھرپارکر کی ہندو برادری کے لئے سوچتے تھے۔ انہوں نے وہاں کے لوگوں کے پانی کے لئے کتنے ٹیوب ویل لگوائے۔ ان کی طرح کے ideal مسلمان ہی اسلام کی اصل شکل ہے۔ وہ میرے خاندان سے بھی واقف تھے۔ میں نے انہیں بتایا کہ میرے خاندان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہم نے یزیدیت کے خلاف ایک علم بلند کیا تھا اور اہل بیت کا ساتھ دیا اور ان کے ساتھ مل کر جنگ بھی لڑی تھی۔ ہمارے بزرگوں نے بھی اہل بیت کا ساتھ دیا اور انہوں نے ہمیں حسینی ہندوؤں کا خطاب دیا۔ یہ بات کوئی نہیں مانتا لیکن انہوں نے مجھ سے کہا کہ دنیش کمار میں آپ کی یہ بات مانتا ہوں اور یہ تاریخ کا حصہ ہے کہ آپ حسینی ہیں اور آپ نے یزیدیت کے خلاف جنگ لڑی ہے۔ میں ہمیشہ ان سے جھک کر ملتا تھا اور وہ کہتے تھے کہ آپ کے خاندان نے اہل بیت کا ساتھ دیا اور مجھ سے ہمیشہ شفقت کا اظہار کرتے تھے۔ ان جیسی شخصیات تاریخ میں صرف ایک دفعہ پیدا ہوتی ہیں۔ میں اپنی طرف سے اور پاکستان کے ایک کروڑ اقلیتی برادری کی طرف سے ان کے خاندان کے ساتھ اظہار تعزیت کرتا ہوں۔ پروردگار ان کے لواحقین کو صبر دیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ان جیسے اور معتبر سیاستدان پیدا ہوں تاکہ اس ملک کا پوری دنیا میں نام روشن ہوسکے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر عون عباس۔

**Senator Aon Abbas**

سینیٹر عون عباس: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میرا ان کے ساتھ کوئی خاص interaction نہیں رہا۔ آج کا سیشن صرف ایک دن کا ہے اور بہت ساروں کو یہ information بھی تھی کہ یہ ایک یا دو گھنٹے بعد شاید prorogue ہو جائے گا۔ I am sure کہ آج سینیٹر تاج حیدر صاحب کے لئے جو ریفرنس تھا، بہت سارے سینیٹر صاحبان نے کوئٹہ اور کراچی سے یہ تکلیف کی ہوگی کہ اس میں شرکت کریں۔ I myself travelled from Multan to make sure کہ آج کہ اس ریفرنس میں حاضری اس لئے ضروری ہے کہ آج اگر ہم انہیں tribute پیش نہیں کریں گے تو کل ہر شخص نے چلے جانا ہے۔ I am sure کہ آج ایوان میں یہ presence show کرتی ہے کہ وہ ایوان کے لئے کتنا matter کرتے تھے اور ان کے honour کے لئے آج ایوان نے ایک دن کا سیشن رکھا ہے۔

سینیٹ میں کچھ ایسی شخصیات تھیں جن سے مل کر آپ کو بزرگی کی feel آتی تھی and Taj Haider sahib was one of them. I am sure کہ ہم مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھتے تھے ، کچھ دوست ہیں جو مختلف نظریات رکھتے تھے لیکن کچھ لوگوں کے ساتھ ultimately ایک attachment بھی ہوتی تھی اور وہ moral attachment ہوتی تھی اور یہ نہیں تھا کہ ہم نے کبھی ان کے ساتھ physically interact کیا ہو۔ سینیٹر مولا بخش چانڈیو ایوان میں ہوتے تھے۔ اسی طرح تاج حیدر صاحب بھی تھے۔

جناب! میری ان کے ساتھ تین مرتبہ interaction ہوئی and I would like to share it for sake of my own memory. ان کے ساتھ پہلی interaction اس وقت ہوئی جب میں نے production orders کے سلسلے میں ایک resolution کے لئے movement کی تھی اور میں across the aisle سب کے پاس گیا تھا۔ I went to him as well. جب میں ان کے پاس گیا تھا تو پہلے انہوں نے اسے آرام سے پڑھا اور پھر مجھ سے کہا کہ میرے ساتھ بیٹھ جاؤ۔ I still remember کے پہلے انہوں نے میری داڑھی اور پھر میرے گھٹنے کو بھی ہاتھ لگایا اور کہا کہ you are on the right side. Though your resolution is absolutely right and I ethically support it, میں اس پر signature اس وجہ سے نہیں کرسکوں گا اور اس وقت جو انہوں نے کہا، میں exactly شاید وہ الفاظ ادا نہیں کرسکوں کیونکہ کچھ الفاظ نامناسب تھے، کہ میری پارٹی loyalty میرے character کے لئے بہت important ہے۔ یقین جانیے کہ ان کا جو gesture تھا، it was so much کہ signature نہ کرنے کے باوجود میں نے انہیں اس کے بعد highly rate کرنا شروع کردیا۔ دوسری بار ان سے interaction اس وقت ہوئی جب ہماری leadership میں سے کسی نے 1973 کے آئین کے متعلق ایک point raise کیا which was factually not right. I remember that he just rose up in his seat اور انہوں نے کہا کہ مجھے بولنے کا موقع دیا جائے اور probably اس وقت آپ chair کررہے تھے۔ جس طریقے سے انہوں نے explain کیا کہ 1973 کے آئین میں وہ چیز ایسے نہیں بلکہ ایسے تھی، that showed his

connectivity اور ان کی اپنی جماعت کے ساتھ جو attachment to his party تھی، صحیح تھی یا غلط، وہ ایک الگ بات ہے لیکن جس طریقے سے انہوں نے explain کیا that showed کہ وہ پہلے دن سے آپ کی جماعت یعنی Pakistan People's Party کے ساتھ کتنے well-connected تھے اور thorough read تھے اور جو explain کیا تو میری لیڈرشپ جنہوں نے غلطی کی تھی he straightway said I stand corrected and I accept my mistake. The third part is جب آپ نے آج سے تقریباً ایک مہینے پہلے رولنگ دی تھی جس میں آپ نے privilege committee کو اعجاز چودھری صاحب کا matter بھیجا تھا تو اس دن تاج صاحب کی طبیعت ناساز تھی اور مجھے لگا تھا کہ شاید وہ میٹنگ کو chair نہیں کرینگے لیکن جب میں نے پتا کیا سیکرٹری کمیٹی سے تو انہوں نے کہا کہ he showed up اور بھی بہت سارے دوست وہاں موجود تھے علامہ صاحب اور پلوشہ صاحبہ بھی وہاں موجود تھی۔

جس طریقے سے تاج صاحب نے آپ کی ruling کو conduct کیا میں اس دن وہاں موجود تو نہیں تھا کیونکہ میری اپنی standing committee کی میٹنگ تھی but for the first time I heard that IG Punjab was there, IG جیل خانہ جات موجود تھا and superintendent Kot Lakhpat Jail was there مجھے سننے میں آیا کہ وہ بہت ڈرے ہوئے تھے، and they all were very scared but the way he run the whole activity جس طریقے سے ان کو عزت بھی دی اور ان کو feel بھی کرایا کہ اس پارلیمان کی کیا sanctity ہے that is very splendid اور ultimately ان تینوں officers نے لکھ کر دیا کہ اگلا سیشن جب بھی ہوگا اعجاز چودھری صاحب آپکے درمیان ہوں گے بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر privilege committee اعجاز چودھری صاحب سے ملنا چاہتی ہے تو ہم ان کو لے آئینگے آپ ان کا interview کر لیجیے لیکن ان کی صحت ٹھیک نہیں ہے اس لیے وہ نہیں آئے although I disagree with this statement کیونکہ چھ مہینے سے تو یقیناً وہ بیمار نہیں تھے۔

مگر جس طریقے سے تاج صاحب نے اس کو کنڈکٹ کیا I am sure کہ minutes of the meeting آ چکے ہوں گے اور اگلی میٹنگ میں ان شاءاللہ which was his committee's last ruling I am sure وہ ہم سب کے لیے قابل عزت ہو گی اگلے سیشن میں جب آپ ان کی ruling کے حوالے سے اپنا decision جاری کرینگے اور ان شاءاللہ اعجاز چودھری صاحب ہمارے درمیان ہوں گے so that stands there in the history records as well.

آج میں اپنی طرف سے اور اپنی پوری جماعت کے طرف سے PPP کو اور ان کی پوری فیملی سے اظہار افسوس کروں گا اللہ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ Thank you so much sir.

**Senator Jan Muhammad**

سینیٹر جان محمد: بہت شکریہ: تاج صاحب آج ہم میں نہیں ہیں اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں ان کو جگہ عطا فرمائے۔ اس غم اور دکھ کی گھڑی میں ہم تاج حیدر کے خاندان اور ان کی پارٹی کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ وہ پاکستان کے ممتاز سیاست دان تھے، دانشور تھے اور ترقی پسند تھے جنہوں نے اس ملک میں جمہوریت، سماجی انصاف، ترقی پسندی، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی میں اپنا بڑا رول ادا کیا۔

وہ کراچی یونیورسٹی سے فارغ التحصیل تھے ریاضی اور فزکس میں ان کی ایجوکیشن تھی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شروع کے دور سے ہی، 1967 سے میرے خیال میں وہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ اِس پارٹی میں تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی میں انصاف کے لیے، مارشل لاؤں کے خلاف، آمریت کے خلاف وہ بر سر پیکار رہے اور اس سلسلے میں کئی بار ان کو پابند سلاسل بھی کیا گیا۔ لیکن کہیں بھی انہوں نے اپنی سیاسی جدوجہد، ترقی پسندی بائیں بازو کی فکر اور اپنے نظریات سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے۔ عوام کی معاشی، سیاسی اور قومی برابری کی اِس جدوجہد میں ان کا جو role بنتا تھا انہوں نے بغیر کسی خوف کے، بغیر کسی ڈر کے انتہائی دانش وری کے ساتھ، مخلصی کے ساتھ اور جواں مردی کے ساتھ اپنا کردار ادا کیا۔

معاشی ترقی ہو، سماجی انصاف ہو، قوموں کی خود مختاری کا مسئلہ ہو یا قوموں کی برابری کا مسئلہ ہو تو ان معاملات میں ان کی واضح اور نمایاں سوچ تھی انتخابات کے حوالے سے انتخابی شفافیت پر

ان کا بڑا زور تھا۔ یہ جو ہر انتخابات میں انتخابی کے نتائج کو تبدیل کیا جاتا ہے اور من پسند کے رزلٹ لانے کی کوشش کی جاتی ہے وہ اصولاً اور فکری طور پر اِس سوچ کے خلاف تھے۔

وہ پاکستان کی اکائیوں کے درمیان جو ایک فاصلہ ہے ،ایک دوری ہے اور ایک نابرابری ہے وہ اس کے خلاف تھے۔ وہ دل سے یہ چاہتے تھے کہ پاکستان میں جو قومیں بستی ہیں، جن کی سرزمین ہے ان کو ان کا جائز حق ملنا چاہیے۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ ان کی پیدائش اترپردیش لکھنوء میں ہوئی تھی لیکن اس کے باوجود جب وہ یہاں آئے اور یہاں کی سیاست میں انہوں نے کردار ادا کیا تو بڑے خوبصورت انداز میں اس پوری فیملی نے پاکستان کی سماجی ترقی میں، تعلیمی ترقی میں اور سیاست میں اپنا رول ادا کیا۔

ان کے والد صاحب کے حوالے سے یہاں بات ہوئی اس میں دو رائے نہیں ہیں یہ بلوچستان کے کلچر کو ظاہر کرتا ہے عوام دوستی کو ظاہر کرتا ہے اور جو ہم respect دیتے ہیں بلوچ سماج میں اس کو ظاہر کرتا ہے کہ ایک وائس چانسلر جو کراچی سے آرہے ہیں اور چانسلر اس کے استقبال کے لیے ایئرپورٹ آرہے ہیں۔ ایسا میں نے کہیں اور نہیں سنا یہ صرف وہ غوث بزنجو جو تھے میں سمجھتا ہوں یہ بلوچ کلچر ہے کہ انہوں نے اپنے استاد کو اس قدر عزت احترام دیا۔

بلوچستان میں پہلی یونیورسٹی کی بنیاد میر غوث بِزنجو نے رکھی، NAP کی حکومت نے رکھی لیکن ان کے والد صاحب پروفیسر کرار حسین نے اس میں بڑا role ادا کیا۔ ہم آج بھی یہ بات کہتے ہیں کہ ہمیں وہ پاکستان چاہیے جو تاج حیدر صاحب کے ذہن میں تھا۔ ایسا پاکستان جس میں قوموں کی برابری ہو، سماجی انصاف ہو، قانون کی بالادستی ہو، پارلیمنٹ کی بالادستی ہو اور ایک ایسا سماج ہو جس میں زبردستی کرائے ہوئے الیکشن کی صورت حال نہ ہو۔ ہمیں وہ پاکستان چاہیے اور یہی پاکستان تاج حیدر صاحب کا خواب تھا۔ اگر ہم تاج حیدر صاحب کے ساتھ اپنی یک جہتی show کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ ہم ان کے ان افکار کو دیکھیں جن میں وہ نہ صرف سماج میں برابری چاہتے تھے بلکہ قوموں کے درمیان جو نفاق ہے کہ ایک دوسرے کو بالاتر اور کم تر سمجھتے ہیں، اس میں بھی برابری چاہتے تھے۔ میں آپ سب کا مشکور ہوں۔

Mr. Chairman: Leader of the House, do you want to speak?

**Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی الرسول الکریم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں بھی اپنے ساتھیوں کے جذبات کو join کرتے ہوئے سینیٹر تاج حیدر مرحوم کے حوالے سے چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جب ان کے وفات کی اطلاع ہوئی تو ہم سب کے لیے یہ بہت ہی دکھ بھری خبر تھی۔ وہ اس ایوان کے ایک بڑے ہی honourable رکن تھے۔ وہ ایک منجھے ہوئے سیاستدان تھے، mathematician تھے، مصنف تھے اور ہم میں سے اکثر وبیشتر ساتھیوں کو ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ پیپلز پارٹی سے ان کا تعلق تھا لیکن founding member تھے۔ 1967 سے لے کر ابھی 2025 میں ان کی وفات ہوئی۔ پیپلز پارٹی کے ساتھ بالکل ان کا bond, ان کی loyalty, ان کی delivery, ان کا passion unparalleled تھا۔ مجھے بھی ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ 1994 اور 1999 کے دوران وہ اس ایوان کے رکن تھے اور میں قومی اسمبلی کا رکن تھا۔ 1997 اور 1999 میں بحیثیت وفاقی وزیر خزانہ اور وزیر تجارت میری ان سے کافی communication رہی ہے۔ جب میں اس ایوان میں حاضر ہوتا تھا یا کمیٹیوں میں یا بجٹ کے حوالے سے حاضر ہوتا تھا، وہ رہی۔ پھر 2012 سے onward میں اس ایوان میں ان کا ساتھی تھا۔ وہ ہمیشہ بڑی خندہ پیشانی سے ملتے تھے۔ اگر ان کی کوئی issue بھی ہوتی تھی تو وہ اسے بڑے اچھے انداز میں پیش کرتے تھے۔ ان کا اخلاق بھی قابل تعریف ہے۔ مختلف کمیٹیوں میں اور جہاں ان کے ساتھ interaction کا موقع ملا، میری یادداشت کے مطابق وہ Chairman, Standing Committee on Delegated Legislation بھی رہے۔ وہ Chairman, Standing Committee on Parliamentary Affairs بھی رہے۔ وہ Committee on Rules of Procedure and Privileges کے بھی چیئرمین رہے۔ وہ کافی زیادہ کمیٹیوں کے بھی رکن رہے۔ 2012-13 یا اس سے پہلے ان سے کمیٹیوں میں بھی interaction رہی ہے۔ ان کی بڑی ہی سلجھی ہوئی contribution ہوتی تھی۔ وہ تمام ساتھیوں سے بڑے پیار اور احترام سے ملتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ان کو 2013 میں ستارہ امتیاز

سے نوازا گیا۔ پھر ان کو Best Playwright کے PTV awards بھی دیے گئے۔ 2006 میں ان کو Serial Award دیا گیا۔

ہم نے two terms اکٹھے کام کیا، جیسے میں نے کہا کہ خاص طور پر 2012 سے 2018 تک اور اگلے tenure میں تین سال کا ان کا ایک gap تھا۔ وہ 2021 میں دوبارہ تشریف لائے۔ میرے لیے یادداشت کے طور پر وہ بڑے ہی positive اور بہت ہی memorable time گزرا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ ہر شخص ان کے لیے بہت ہی اچھے جذبات کا اظہار کر رہا ہے لیکن ان میں ایک بڑی خصوصیت تھی کہ وہ انصاف یا اصول پر uncompromising تھے، soft رہتے تھے، بات کرتے تھے لیکن compromise نہیں کرتے تھے، اپنے اصول پر ڈٹے رہتے تھے, without annoying others اگر ان کی کبھی ضرورت ہوئی، جیسے یہ میرا بھتیجا کر رہا ہے ہاتھ جوڑ کر، بالکل یہ ان کا physical style تھا، وہ ہاتھ تو نہیں جوڑتے تھے لیکن وہ physically یہی کرتے تھے کہ بڑے پیار کے ساتھ آپ کو convince کرنے کی کوشش کرتے تھے کہ میرا point of view ٹھیک ہے، آپ اپنے آپ کو change کر لیں۔

اللہ تعالیٰ کو جو منظور ہے، ظاہر ہے کہ ہر ایک کی زندگی اللہ کی امانت ہے، جب اللہ تعالیٰ چاہیں لے لیں۔ جو انہوں نے working class, labour کے لیے ہمت کی، جو کام کیے، میں سمجھتا ہوں کہ ان کا سنہری حروف میں ذکر ہوگا۔ Marginalized communities کے لیے ان کا بہت interest ہوتا تھا چاہے وہ قانون سازی ہو، چاہے وہ حکومت سے ان کے لیے کوئی relief کا کام لینا ہو۔ ان تمام چیزوں میں، جسے in a way خدمت خلق بھی کہا جا سکتا ہے کیونکہ وہ ایک parliamentarian تھے، اس ایوان کے رکن تھے۔ ان میں یہ خصوصیات بھی تھیں کہ جہاں وہ پارلیمنٹ کا کام یا قانون سازی یا کمیٹیوں کا کام کرتے تھے وہاں وہ labour related جو معاملات ہوتے تھے یا marginalized communities کے لیے وہ بہت ہی proactive طور پر اپنا حصہ ڈالتے تھے۔ ہم سب نے دیکھا کہ جہاں بھی ان کو موقع ملا، انہوں نے تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے لیے کمیٹی میں بحیثیت رکن، بحیثیت چیئرمین، اس ایوان کے رکن ہونے کے ناتے اپنی بھرپور contribution کی۔ جب ان کی contributions کی تاریخ

لکھی جائے گی تو یہ تمام چیزیں، جمہوریت کے لیےان کی قربانیاں، جیسے ابھی میرے بھائی کہہ رہے تھے، بزنجو صاحب کاذکر کررہے تھے۔ ان کی efforts چاہےوہ جمہوریت کے لیےہوں یا marginalized communities کے لیے ہوں یا labour کے لیے ہوں،وہ آنے والے دوستوں کے لیے، اس ایوان کےاراکین کے لیے جو بیٹھے ہیں،جو آئندہ آئیں گے، مشعل راہ ہیں۔ ان کی ,steadfastness کوششیں،پھر ان کی کامیابیاں مثالی ہیں۔ ویسے بھی وہ لکھنے پڑھنے کے شوقین تھے،مصنف تھے۔ جیسے میں نے عرض کیا کہ 2006 میں ان کو award بھی ملا۔ He will be remembered for a long time. He was a great friend. He was a great Member of this House. اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائےاور ان کےلواحقین کو صبر جمیل عطافرمائے۔ وہ sitting Member تھے۔ بہت سے ساتھی جو اس وقت بیٹھے ہیں،ان کو بھی ان کے ساتھ کام کرنے کاموقع ملاہوگا۔

پروفیسر خورشید احمد صاحب جو اس ایوان کے رکن رہے ہیں۔ وہ 1985 سے 1997 تک اس ایوان کے رکن رہے۔ 97-1993 کے دوران ان کے ساتھ بحیثیت رکن قومی اسمبلی کام کرنے کا موقع ملا۔ ان کے ساتھ کئی parliamentary joint forums پر کام کرنےکاموقع ملا۔ پھر وہ جماعت اسلامی کی طرف سے 2003 سے 2012 نو سال دوبارہ سینیٹر منتخب ہوئے۔ وہ بھی بڑی عظیم شخصیت تھے۔ وہ renowned economist, philosopher, politician تھے۔ وہ بہت بڑے Islamic scholar تھے۔ انہوں نے 1979 میں Institute of Policy Studies پاکستان میں قائم کی۔ انہوں نے 1973 میں Leicester, UK میں Islamic Foundation قائم کی۔ He was a co-founder of Islamic Foundation in Leicester. 1990s میں،مجھے exact سال نہیں یاد، میں اور میاں شہباز شریف صاحب، ہم دونوں نےاس پورے setup کا visit کیا۔ وہ بہت ہی impressive ہے، وہ آج بھی ہے۔ اسلام کی تعلیمات،ریسرچ کے لیے لندن میں ان کاایک چھوٹاسا دفتر تھا۔مجھے زندگی میں وہاں بھی جانےکاموقع ملا۔ ان کی contributions کے حوالے سے سعودی عرب کا King Faisal International Prize ان کو نوازاگیا۔

پاکستان میں پاکستانیوں کے لیے,highest award ماسوائے شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے لیےان کو exceptionally نشانِ پاکستان دیا گیا ورنہ نشانِ امتیاز ان کو 2011 میں نوازا گیا۔ اس میں جو ان کی contribution تھی، آپ وزیراعظم تھے، وہ Constitutional amendments میں ہمارے ساتھ کام کرنے میں پیش پیش تھے۔ اس سلسلے میں 2011 میں ان کو نشانِ امتیاز نوازا گیا۔ یہ وہ کام تھاجو Charter of Democracy کے حوالے سے تھا، 2003 میں میری اور محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی discussion شروع ہوئی جس کے آفتاب شعبان میرانی گواہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو زندگی اور صحت دے۔ پھر ہم نے وہ سلسلہ Political Code of Conduct سے شروع کیا۔ پھر وہ بڑھتا بڑھتا، پھیلتا پھیلتا civil military relations, Constitutional reforms, civil reforms, truth and reconciliation and Constitutional courts, you name it and it was there. اس کام کو چار سال لگے۔ اگر میں غلط نہیں ہوں، 14 مئی 2006 کو ہلٹن، لندن میں وہ sign ہوا۔ اس کی final copy محترمہ شیری رحمان صاحبہ کے کمپیوٹر میں تھی۔ ہم last minute changes settle کر رہے تھے، شاید آپ کو یاد ہو۔۔۔

جناب چیئرمین: میں جیل میں تھا۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: اچھا، وہ Constitutional amendments کاجو کام تھا، جب آپ وزیراعظم بنے تو پھر دونوں ایوانوں کی پارلیمانی کمیٹی بنی۔ اس میں ہم نے میاں رضا ربانی صاحب کو چیئرمین منتخب کیا۔ پروفیسر خورشید صاحب بھی تھے۔ اور بھی بہت ساتھی تھے شاید اس وقت دونوں ایوان میں موجود ہوں گے تو اس کام کے نتیجے میں انہیں 2011 میں نشان امتیاز سے نوازا گیا، تو جناب صدر زرداری صاحب نے award دیا تھا۔ جناب لاء منسٹر صاحب once Law Minister is always Law Minister تو Islamic Development Bank کا بھی ان کو 1988 prize میں ملا۔ ان کو Honorary PhD کی degrees Malaysia and UK نے دیں، انہوں نے تقریباً ستر کتابیں انگلش اور اردو میں لکھی ہوئی ہیں اور وہ بہت interest لیتے تھے Applied Economics میں اور میری ان کے اسلام آباد والے آفس میں ان سے کئی نشستیں ہوئیں تھیں۔ میرے ساتھ ایک دو

دفعہ جناب آصف اقبال صاحب گئے جب یہ وزیر بنے 2013 میں تو ان کے ساتھ بھی ایک بہت ہی لمبی رفاقت رہی، ان کی جو intellectual contributions ہیں اور جو institutional building کے لیے انہوں نے کام کیا میرا خیال ہے وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا تو ان کے لیے بھی دل بہت افسردہ ہوا جب خبر ملی اور اللہ تعالی ان کی مغفرت فرمائے، ان کو اعلیٰ درجات عطا فرمائے، جنّت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ تو یہ جو دو ہمارے ساتھی ہم سے رخصت ہو گئے ایک sitting تھے اور ایک ماضی میں ساتھی رہے اس کے حوالے سے آپ کی اجازت سے میں propose کروں گا کہ تاج حیدر صاحب کے لیے محترمہ شیری رحمان صاحبہ جو پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر ہیں وہ unanimous resolution پیش کریں گی اور جو Professor Khurshid Sahib ہیں ان کے لیے جناب اعظم نذیر تارڑ لا منسٹر صاحب ہم سب کی طرف سے resolution پیش کریں گے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ بات کرنا چاہتے ہیں؟ عبدالقادر صاحب کو میں پہلے کہہ چکا ہوں، اس وقت back پر mics کی lights جل رہی ہیں ہے کہ ہم cover ہی نہیں کر سکتے۔ سب بولنا چاہتے ہیں اور میں چاہتا ہوں سب بولیں، مگر وقت کی کمی ہے۔ آپ کو بھی دیں گے اور روبینہ قائم خانی اور سب کو بھی میں نے دیکھا ہے۔ ایمل ولی صاحب تھوڑی دیر تشریف رکھیں، MQM کی طرف سے آپ بول لیں۔

**<u>Senator Mohammad Abdul Qadir</u>**

سینیٹر محمد عبدالقادر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور ہم سب نے لوٹ کے اللہ کی طرف جانا ہے۔ تاج حیدر صاحب ایک انتہائی نفیس انسان تھے اور ہمارے sitting Senator تھے، colleague تھے۔ جیسے کہ پیپلز پارٹی اور کراچی اور ہم Parliamentarians کا loss ہے اسی طرح یہ ہماری سینیٹ کا بھی ایک great loss ہے۔ ایسی شخصیات جو اتنی polished اور اتنی experienced ہوں علامہ اقبال نے ان کے لیے کہا ہے کہ

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

تاج حیدر صاحب کے بارے میں much has been said about him, لیکن میں جو ان کی دو تین خصوصیات بلکہ بہت کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن وقت کی کمی ہے، ان کی ایک بڑی خصوصیت یہ تھی کہ 82 اور 83 سال کی عمر میں ان کی جو will power تھی، جو confidence تھا وہ ہمارے لیے ایک مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے جس طریقے سے اس بیماری سے fight کی اور اپنے اوپر طاری نہیں ہونے دیا اور اپنی exercise کی وجہ سے، اپنے confidence کی وجہ سے آخری دن تک ان کا دماغ اچھا کام کر رہا تھا، یہ ہمارے لیے، سب کے لیے ایک مثال ہے کہ اپنے آپ کو surrender نہیں کرنا چاہیے، اپنے آپ کو اگر کوئی بیماری یا کوئی مشکل پیش آئے تو اس کا کس طریقے سے مقابلہ کرنا چاہیے۔

دوسری ان کی اہم چیز جو سب نے discuss کی اس کو میں بھی again repeat کرتا ہوں کہ اتنے شستہ اور sophisticated words میں اپنا مطمحِ نظر اور اپنا point of view پیش کرتے تھے کہ اگر ہم یا سامنے والی پارٹی نہ بھی چاہ رہی ہوتی تھی تو اس عمر میں اپنے غصے کو اپنے anger کو اس طریقے سے manage کرتے تھے کہ ہم سب کو اپنے conduct میں، اپنے behavior میں ان کا follow up کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ میں ان کی کافی اور چیزیں بھی discuss کرنا چاہتا ہوں لیکن جس طرح آپ نے کہا کہ وقت کی کمی ہے ہم یہی کہتے ہیں کہ ہم ایک اچھے colleague سے، ایک اچھے دوست سے، ایک رہنما سے محروم ہو گئے ہیں اور again اس طرح کی personalities جو ہیں وہ ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور جیسے کہ قرآن میں ہے کہ (کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ) ہم نے بھی جانا ہے کسی نے کچھ پہلے تو کسی نے کچھ بعد۔ اللہ تعالیٰ ان کے گھر والوں کو صبر جمیل دے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ایمل ولی خان صاحب۔ میں نے آپ کے آنے سے پہلے حاجی ہدایت صاحب کو بلوایا ہے اور وہ بول بھی چکے ہیں۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: بہت شکریہ جی، ہماری قریبی قربت ہے، ہم چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کے لیے ہم اور بولیں۔ ہماری بڑی قربت ہے اور as a Parliamentary Leader I would like and love to put up my words, especially for Senator Taj Haider Sahib, اللہ ان کو مغفرت نصیب کرے، اللہ ان کے تمام گھر والوں کو صبر عطافرمائے۔۔۔

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر ایمل ولی خان: اور اللہ ان کے تمام دوست اور خاندان اور رشتہ دار اور بالخصوص پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام فیملی کے اس رنج و غم میں عوامی نیشنل پارٹی شریک ہے۔ جناب اگر Parliamentary Leaders ایسے ہوں تو ہم کیا کریں۔

Mr. Chairman: Please Order in the House.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! تاج حیدر بھائی کے بارے میں کیا باتیں کریں گے، سب نے باتیں کیں اور شاید ہم ان کو ان سب سے بہتر نہیں جانتے ہوں گے لیکن اتنا پتہ ہے کہ تاج حیدر بھائی، اللہ ان کو جنت نصیب فرمائے، 1973 کے آئین پر بڑا فخر کرتے تھے۔ ہمیں سن لیں، ہمیں موقع کہاں ملتاہے اور پھر اوپر سے آپ لوگ disturb کر رہے ہو۔

جناب چیئر مین: آپ بولیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: ہم نے آپ سے بولنا ہے اور کس سے بولیں گے۔ جناب! سینیٹر صاحب کے لیے آج سب نے دعا بھی کی اور ان کے لیے بڑی اچھی اچھی باتیں کیں، کاش آج وہ ادھر ہوتے تو ان کے نظریے کی بات بھی ہو جاتی۔ میں زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا اور مجھے پتہ ہے کہ مجھے کیوں یہ چیز نہیں دی جاتی، میں آج کے دن کوئی غیر ضروری بات نہیں کرنا چاہتا لیکن شکر نہیں ادا کرو، خدمتیں کر رہے ہیں جو بھی کر رہے ہیں۔ یہ شکر ہے کہ آج کے دن وہ شاہین، اقبال کافرمان ہے کہ ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے ہیں پرویز انکل اور شبلی فراز، اب نہ بندہ رہا نہ بندہ نواز۔

جناب! میرے بھائیوں نے ووٹ کو اتنی عزت دے دی، ووٹ کو اتنی عزت دے دی کہ ووٹ بے چارہ شرما گیا۔ میری mines, میرے minerals, میرا پانی، میری بجلی، میرا سب کچھ ووٹ کو عزت دینے کے بجائے بوٹ والے کی حوالے ہو رہا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر ایمل ولی خان: یہ شامل ہے۔ یہ شامل ہے۔ جناب یہ ہمیں کیوں نہیں بولنے دے رہے ہیں بھائی؟ یہ کیا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please address the Chair.

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: میں نے تو ایک شعر بولا ہے نا بابا۔ میں نے تو ایک شعر ہی بولا ہے کہ ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے پرویز انکل اور شبلی فراز، اب نہ بندہ رہا نہ بندہ نواز۔ جناب میں نہیں بولوں گا۔ میں بولوں گا اور یہ آپ سے درخواست ہے کہ جلد از جلد اجلاس بلائیں۔ دن دیہاڑے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور سندھ پر ڈاکا ڈالا جا رہا ہے اور بالکل وردی والے ڈاکا ڈال رہے ہیں۔ جناب! اس کے لیے جلد اجلاس بلائیں تاکہ ہم اس پر بات کریں۔ اس سے پہلے کہ یہ قانون جو PTI والے اور وہ والے اور وہ والے سب مل کر pass کروا رہے ہیں اور بوٹ کی خدمت کر رہے ہیں اور آگ لگا رہے ہیں، یہ آگ لگنے سے بچائیں اور اجلاس بلائیں۔

جناب چیئرمین: راجہ ناصر صاحب، میں request کروں گا کہ چھ بجے Cabinet meeting ہے، تو میں چاہتا ہوں کہ اس meeting سے پہلے ہم اس پر صرف دو دو منٹ بات کریں۔

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی میں صرف دو منٹ بات کروں گا کیونکہ وقت بھی نہیں ہے اور میں نے بہت پہلے سے کہا تھا کہ میں نے گفتگو کرنی ہے۔ خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے (عربی) کہ خدا تعالیٰ نے زندگی اور موت کو خلق کیا ہے۔ یعنی موت کو بھی وجود بخشا ہے اور حیات کو بھی وجود بخشا ہے۔ (عربی) تاکہ تمہیں آزمائے (عربی) کہ کون عمل کے اعتبار سے بہترین ہے۔ اللہ نے موت کو خاتمہ نہیں کہا ہے اور کہا ہے کہ میں نے خلق کیا ہے (عربی) جس نے موت کو خلق کیا ہے۔ جسے خلق کیا جاتا ہے وہ وجود رکھتی ہے اور وہ ختم نہیں ہوتی۔ وَالْحَیٰوۃَ اور زندگی کو۔ ہم یہاں

سارے آئے ہیں کہ ہم آزمائے جائیں گے۔ اللہ نے اس دنیا کو ہمارے لیے ایک بہت بڑا دار الامتحان اور آزمائش کی جگہ قرار دیا ہے اور اس کے بعد یہاں سے ہم چلے جائیں گے۔

قران مجید میں ہے (عربی) کہ کیا لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ اس زبان سے کہہ دیں گے کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور ہم انہیں نہیں آزمائیں گے۔ ہر کوئی آزمایا جا رہا ہے۔ مولا علی کا ایک قول ہے (عربی) کہ لوگوں کے درمیان اِس طرح سے رہو کہ جب تم اُن کے درمیان میں سے اس دنیا سے اُٹھ جاؤ تو تم پر گریاں کریں اور جب تم ان میں زندہ رہو، بظاہر موجود رہو تو وہ تم سے محبت کریں۔

تاج حیدر صاحب مرحوم ایک ایسی شخصیت تھے کہ واقعتاً ان کی جدائی پر دل روتا ہے اور جب وہ موجود تھے تو ان کے پاس بیٹھنے کو انسان کا دل کرتا تھا۔ آخری اجلاس میں ہماری Standing Committee on Privileges میں وہ آئے تو وہ کینسر کے مریض تھے اور ان کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ جب اجلاس ختم ہوا تو میں ان کے پاس گیا اور کہا کہ میرے پاس چلیں، میں آپ کو کھانا کھلاؤں۔ کہنے لگے کہ میرے گھر والے میرے ساتھ ہیں اور میری طبیعت بھی ٹھیک نہیں ہے، مجھے کینسر ہے۔

ایک شخص احساس ذمہ داری، انسان اُس وقت انسان بنتا ہے جب اس کو ذمہ داری کا احساس ہو۔ میں راستے سے جا رہا ہوں اور پتھر پڑا ہوا ہے اور وہاں سے گزر گیا ہوں اور وہ کسی کے پاؤں پر لگ سکتا تھا۔ اگر احساس ذمہ داری ہو گا تو میں پتھر اٹھاؤں گا اور پرے رکھ دوں گا۔ ذمہ داری کا جسے احساس ہوتا ہے، وہ انسان کہلاتا ہے کہ میری duty کیا ہے، فریضہ کیا ہے اور ذمہ داری کیا ہے؟ اُس کے لیے اپنی ذمہ داری کا تعین بھی بہت اہم ہوتا ہے کہ میری ذمہ داری ہے کیا؟ چپ رہنا یا بولنا، کھڑے ہونا یا بیٹھنا، گھر سے باہر نکلنا یا باہر نہ نکلنا، یہ تعینِ تقویف ہے یعنی ذمہ داری کا تعین بہت اہم ہوتا ہے۔ یہ چیزیں انسان کو انسان بناتی ہیں، باوقار بناتی ہیں اور بڑا آدمی بناتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ شرح صَدر بہت اہم ہے۔

دیکھیں، یہاں سینیٹ کو ایک family کی حیثیت حاصل ہے۔ سینیٹ میں میرا خیال ہے کہ وہ ہم سب سے بڑے تھے۔ وہ ہمارے elder تھے۔ میں ان کی family کو بھی جانتا ہوں اور میرے خیال میں بہت پڑھی لکھی family ہے، intellectuals ہیں شعر اور ادب کے لحاظ سے، دینی حوالوں سے، لسانی حوالوں سے، اخلاقی حوالوں سے، ہر لحاظ سے بہترین family سے

تعلق رکھتے تھے اور ایسے لوگ ہمیشہ واقعہ العَنقاء ہوتے ہیں کہ جن کے وجود کا خلا جب پیدا ہوتا ہے تو بڑا عرصہ پُر نہیں ہوتا۔

ہمیں ان سے سیکھنا چاہیے اور یہ جو چیزیں ہیں کہ شرح صَدر بہت اہم ہے۔ وہ شرح صَدر رکھتے تھے۔ بغیر شرح صَدر سے انبیا بھی اپنا کام نہیں کر سکتے۔ اللہ نے جب حضرت موسیٰؑ کو فرعون کی طرف بھیجا تو کہا (عربی) کہ تم دونوں فرعون کی طرف جاؤ، موسیٰ اور ہارون۔ وہاں (عربی) وہ طاغوت بن گئے، وہ سرکش ہو گیا۔ (عربی) لیکن اس سے جو بات کرنی ہے وہ بہت صاف اور ملائم انداز میں بات کرنی ہے، نرم انداز میں بات کرنی ہے۔ (عربی) ممکن ہے وہ زاکر ہو جائے، اس میں ڈر پیدا ہو جائے، خوف پیدا ہو جائے اور وہ اچھا ہو جائے۔ تو حضرت موسیٰؑ فرماتے ہیں کہ (عربی) خدا مجھے شرح صَدر دے تاکہ میں اُس سے بات کر سکوں۔

سینیٹ ایک تعلیم و تربیت کی بھی جگہ ہے۔ یہاں انسان سیکھتا بھی ہے اور ایسی شخصیات معلم کی حیثیت رکھتی تھیں، جیسے کہ تاج حیدر صاحب تھے۔ ان کا خانوادا بھی معلم تھا اور تعلیم و تربیت سے اُن کا تعلق تھا۔ وہ آج ہم میں نہیں ہیں۔ خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں خالقِ کائنات اُن کی مغفرت فرمائے اور انہیں اپنے اجداد کے ساتھ محشور فرمائے۔ وہ سید تھے، اولاد رسول پاک ﷺ تھے۔ اللہ پاک انہیں اجداد کے ساتھ محشور فرمائے، اُن کے درجات کو بلند کرے، پَس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے، اپنی بارگاہ سے انہیں صابروں کا اجر عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ ہم سب کی عاقبت میں خیر فرمائے کہ ہم نے بھی بالآخر مرنا ہے، یہاں سے چلے جانا ہے، نہیں رہنا ہے اور خدا کی بارگاہ میں ہر چیز کا جواب دینا ہے۔ (عربی) ایک مثقال ذرّہ کے برابر بھی برائی کی نا، تو توبہ کے بغیر وہ بھی ہمیں دکھائی دے گی اور ہمارے سامنے ہو گی۔ اِسی طرح نیکی بھی ہمارے سامنے ہو گی اور ہم اپنے علم سے کبھی بھی فرار حاصل نہیں کر سکتے۔ قرآن کہتا ہے (عربی) تمہارا عمل ہی تمہاری جزا ہے۔ خداوند تعالیٰ اپنی بارگاہ میں ہمیں توبہ النصوح کرنے کی توفیق دے، اپنے اعمال کو بہتر کرنے کی توفیق دے تاکہ جب ہم خدا کی بارگاہ میں جائیں تو شرمندہ نہ ہوں۔ السّلامُ علیکم ورحمۃُ اللہ و برکاتہ۔

جناب چیئرمین: جی خالدہ اطیب صاحبہ لیکن صرف دو منٹ۔

## Senator Khalida Ateeb

سینیٹر خالدہ اطیب: آپ نے مجھے انتہائی محترم اور معزز شخصیت کی رحلت کے بارے میں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ میں ایک شعر کے ذریعے انہیں خراج تحسین پیش کروں گی کہ

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اُس گھر کی نگہبانی کرے

تاج صاحب سے میرا تعلق بہت مختصر رہا۔ گزشتہ تین سالوں سے سینیٹ میں میری seating قریب قریب تھی۔ تو میں اُن سے بہت سی چیزوں میں ہدایات لیتی رہتی تھی کیونکہ وہ بذات خود ایک institution کا درجہ رکھتے تھے۔ بہت سی چیزوں پر ان کی سیر حاصل معلومات تھیں اور وہ ہمیشہ بہت بہترین طریقے سے guide کرتے تھے، اس بات سے مبرا کہ کس کا تعلق کس پارٹی سے ہے اور کس کے خیالات کیا ہیں۔ اگر ان سے کوئی سوال کیا جائے تو وہ اپنی اُسی بہترین شخصیت کا مظاہرہ کرتے تھے اور بہت اچھے طریقے سے سمجھا کر، خاص طور پر جب census کے حوالے سے میری ان سے بات ہوتی تھی اور معاملہ چونکہ کراچی کا تھا اور کراچی میں census کے معاملات بہت sensitive تھے تو میں نے ان سے بہت سے معاملات میں guideline لی اور انہوں نے مجھے بہت اچھے طریقے سے سمجھایا اور انہوں نے اپنی کتاب 'سندھ کا مقدمہ' مجھے بطور خاص دی جو میرے لیے بڑے اعزاز کا درجہ رکھتی ہے۔

میں انہیں ایک مرتبہ پھر خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرتی ہوں کیونکہ یہاں تقریباً وہ تمام خصوصیات جو ان کی شخصیت میں تھیں، وہ باقی Senators دُہرا چکے ہیں۔ تو ایک ہی چیز کی repetition کا کوئی فائدہ نہیں۔ میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ پاک ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی شکریہ۔ روبینہ قائم خانی صاحبہ۔ صرف دو منٹ ہیں۔

## Senator Rubina Qaim Khani

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جی بالکل۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ تاج حیدر صاحب کی شخصیت جیسا کہ میں سب لوگوں سے سن رہی ہوں، پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے تو وہ ایک اثاثہ تھے ہی لیکن آپ دیکھیں کہ جس بھی شخص نے بات کی ہے، ان کے لیے ایک لفظ ضرور بولا ہے، وہ ہے شفیق۔ وہ

واقعی میں ایک نہایت شفیق شخصیت کے مالک تھے اور جب بھی ہم اُن سے ملتے تھے تو ہمیشہ اُن کے چہرے پر ایک مسکراہٹ ہوتی تھی۔ وہ ایک مصنف، ایک ادیب اور ایک multidimensional شخصیت کے حامل تھے۔ میں سمجھتی ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی میں اُن کی شخصیت کا خلا بہت مشکل سے پُر ہوگا۔ انہوں نے 1942 سے 2025 تک جیسے اپنی زندگی گزاری، وہ ایک خوبصورت زندگی تھی، وہ ایک balanced زندگی تھی۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس طرح کی شخصیت اپنے آنے والی نسلوں کو کچھ نہ کچھ سکھا کر جاتی ہے۔ ان کی زندگی ایک پوری تاریخ ہے، ہماری آنے والی نسلیں اس سے سیکھیں گی۔ میں آخر میں ان کے لیے ایک شعر کہنا چاہتی ہوں؛

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں

ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

میں سمجھتی ہوں کہ ان پر یہ شعر پورا اترتا ہے۔ ہم ان کے لواحقین کے غم میں بالکل برابر شریک ہیں۔ Senate of Pakistan, پاکستان پیپلز پارٹی اور تمام لوگ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ کُلُّ نَفسٍ ذَائِقَۃُ المَوتِ۔ إِنَّالِلّٰہِ وَإِنَّا إِلَیہِ رَاجِعُونَ۔ شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے فرمایا کہ پیپلز پارٹی والوں کے جذبات ہیں، پیپلز پارٹی کے لوگ بولیں گے۔ جناب والا! تاج حیدر صاحب صرف پیپلز پارٹی سے تعلق نہیں رکھتے تھے، وہ تمام مکتبہ فکر، پاکستان کے تمام عوام اور میرے خیال میں تمام انسانوں کے لیے اچھے انسان تھے۔ تاج حیدر صاحب نہایت شفیق، نفیس اور دردِ دل رکھنے والے انسان تھے۔ پاکستان میں ادبی خدمات میں نمایاں مقام دنیا کے سامنے ہے۔ تاج حیدر صاحب اپنی پارٹی کے لیے قابل فخر تھے، ان کی خدمات قابل فخر تھیں اور ہیں۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے وقت سے لے کر شہید بے نظیر بھٹو اور بلاول بھٹو صاحب بلکہ اپنی آخری سانس تک تاج حیدر صاحب نے اپنی پارٹی کے لیے خدمات سرانجام دیں۔

تاج حیدر صاحب کا گھرانہ ادبی اور علمی گھرانہ رہا ہے۔ جیسے میرے بھائی سینیٹر شہادت حسین صاحب نے کہا کہ بلوچستان میں میر غوث بخش بزنجو مرحوم نے 70s کے عشرے میں پہلی یونیورسٹی بنائی اور تاج حیدر صاحب کے والد پروفیسر کرار حسین صاحب کا وہاں پہنچنے پر بیگ اٹھایا تو پروفیسر کرار حسین صاحب نے کہا کہ آپ گورنر ہو کر میرا بیگ اٹھا رہے ہیں تو اس پر میر غوث بخش بزنجو نے کہا کہ گورنر کی کرسی سے زیادہ ایک استاد کی اہمیت اور حیثیت ہوتی ہے، آپ کی عزت گورنر کی عزت سے زیادہ ہے۔ بلوچستان کے تعلیمی میدان میں اس خاندان کی خدمات قابل ذکر ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ تاج حیدر صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ہم اس دکھ کی گھڑی میں ان کی family کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر خلیل طاہر صاحب۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: شکریہ، جناب چیئرمین! سب کی باتیں سن کر اس بات کا ادراک ضرور ہوا ہے کہ یقیناً انسان کو محبت کی گہرائی کا اس وقت تک علم نہیں ہوتا جب تک بچھڑنے کا وقت نہیں آ جاتا۔ آج یہ ایوان ایک معتبر اور معزز آواز سے محروم ہو گیا ہے۔ میں سب کے ساتھ as a Christian Senator کہنا چاہتا ہوں کہ ان کے marginalized, downtrodden and depressed communities پر بھی بہت احسانات تھے۔ مجھے ان کے ساتھ ایک مرتبہ جرمنی اور دوسری مرتبہ کھٹمنڈو میں دو، دو ہفتوں کی conferences میں ساتھ رہنے کا اتفاق ہوا، وہ کیا آدمی تھے۔ ان کی خدمات کے لیے کچھ کہنے کو الفاظ کم پڑ رہے ہیں۔ میں آخر میں ایک بات ضرور کہوں گا کہ؛

دنیا اتے رکھ فقیرا ایسا بہن کھلون
کول ہوویں تے ہسن لوکی دور جاویں تے رون

جناب چیئرمین: شکریہ، کامل علی آغا صاحب۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر تاج حیدر اور محترم سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، دونوں محترم تھے۔ مجھے ان کا ذکر سنتے اور کرتے ہوئے ایسے لگتا ہے جیسے یہ دونوں خاص مقصد کے لیے دنیا میں بھیجے گئے، انہوں نے الحمدللہ وہ مقاصد پورے کیے اور بڑی خوش اسلوبی سے وہ مقاصد پایہ

تکمیل تک پہنچا کر اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ تاج حیدر صاحب بہت معتدل مزاج شخصیت تھے، وہ استاد کی طرح محسوس ہوتے تھے۔ جب بھی کبھی پاکستان میں بڑی سنجیدگی کے ساتھ political workers پر کچھ لکھا جائے گا تو تاج حیدر صاحب کا نام سر فہرست ہو گا۔ وہ ایک great political worker تھے، man of commitment, زبان کے پکے، نظریے پر قائم رہنے والے اور دوسروں کے نظریات کا احترام کرنے والے، مجھے ایسی جہاندیدہ شخصیت سیاست میں نہ کبھی نظر آئے گی اور نہ آئندہ کبھی نظر آنے کی توقع ہے۔

میں احترام کے ساتھ انہیں اپنا سلام محبت پیش کرتا ہوں اور اللہ کے حضور دعا گو ہوں کہ انہیں دنیا میں کامیابی کے جیسے درجات ملے، جنت میں بھی انہیں وہی درجات عطا فرمائے۔ پروفیسر خورشید بھی جہاندیدہ شخصیت تھے، قابل احترام تھے، ساری زندگی research کی۔ مجھے الحمدللہ دونوں شخصیات کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ ان کے اندر کام کی لگن اور سنجیدگی قابل تقلید ہے۔ میں دونوں کو احترام اور محبت کے ساتھ سلام پیش کرتا ہوں۔ میں ان کے لیے دعا گو ہوں اور تمام family members کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب چیئرمین۔ آج کا دن نہایت افسوس کا دن ہے، ہمارا ایک بھائی ہمارے ساتھ نہیں ہے۔ میرے خیال میں ہم سب کو زیادہ وقت ملنا چاہیے کیونکہ آج کے دن ہم ان کے لیے آدھا گھنٹہ یا گھنٹہ بات کریں۔ تاج حیدر صاحب ایک پارٹی کی ملکیت نہیں تھے، وہ پورے پاکستان کا اثاثہ تھے اور یہ ایک پارٹی کا نقصان نہیں ہے، ہم اپنے ایک اچھے بھائی سے محروم ہو گئے ہیں جو اس ایوان کی زینت تھا۔ ہم نے ابھی جو خصوصیات بیان کیں یہ تو الگ ہیں، ان کی جو افادیت تھی اور انہیں اپنے topics پر جو عبور تھا، میرا ان کے ساتھ two, three committee meetings میں interaction رہا، وہ Standing Committee on Economic Affairs کے member تھے۔ آپ نے جو privilege motion بھیجا تھا، وہ اس کمیٹی کے Chairman تھے۔ ہمیں بھی اس دن معلوم ہوا کہ انہیں کینسر ہے اور یہ انہوں

نے خود آ کر بتایا تھا۔ ہم نے ان حالات میں بھی انہیں زحمت دی اور وہ آئے، آپ کی طرف سے جو privilege motion بھیجا گیا تھا، اس پر انہوں نے اپنا فرض نبھایا۔

جناب والا! ان کی بہت خصوصیات تھیں، وہ اس ایوان کے پہلے رکن تھے جو شہید ذوالفقار علی بھٹو کے واحد ساتھی تھے، یہ ان کا بہت بڑا اعزاز ہے۔ مجھے شاید اس چیز کا افسوس رہے گا۔ January, 2025 میں جب سندھ صوبے کی بات آئی اور چھ نہروں کا معاملہ آیا تو ہم نے ایک resolution پیش کی، جس میں ANP, JUI, BAP اور تمام دوستوں نے دستخط کیے اور میں ان کے پاس چل کر گیا تو انہوں نے کہا کہ ابڑو صاحب میں مجبور ہوں، میں دستخط نہیں کر سکتا ہے لیکن ان کا یہ کہنا تھا کہ یہ ہماری مشترکہ ماں کا مسئلہ ہے۔ جب بھی قرارداد آئے گی، ان شاء اللہ ایوان میں سندھ کے ساتھ کھڑا ہوں گا۔ مجھے افسوس ہے کہ آج وہ ہمارے ساتھ نہیں ہیں اور وہ قرارداد ابھی تک اس ایوان میں lay نہیں ہو سکی۔ جناب چیئرمین میری آپ سے التجا ہے کہ شاید ان کی روح کو تسکین پہنچے گی اگر اگلے اجلاس میں اس قرارداد کو agenda پر رکھیں اور ہم سب unanimously اس کو pass کریں ان 6 canals کی تعمیر کو condemn کریں تاکہ ہم اپنے بھائی کی روح کو تسکین پہنچا سکیں۔ آپ کی بہت مہربانی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ توفیق عطا کرے گا، اگلے ایجنڈے میں اس قرارداد کو رکھیں۔ ہم سینیٹر تاج حیدر صاحب کو dedicate کر سکیں اور یہ 6 canals کے against جو بھی construction ہو رہی ہے، اس کو ہم مسترد کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔ دو منٹ۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جی، میں کوشش کروں گا کہ ایک منٹ میں بات کو ختم کروں۔ محترم سینیٹر تاج حیدر کی شخصیت کے مختلف پہلو تھے اگر کسی ایک پہلو پر بات کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ آج کا اجلاس کم پڑے گا۔ میں اختصار کے ساتھ یہ کہنا چاہوں گا کہ تاج حیدر صاحب کی شخصیت پاکستانی سیاست کا چمکتا ہوا ستارہ تھے، دھیمے مزاج کے با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب کا انتقال نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کا نقصان ہے بلکہ پاکستان کی سیاست کا نقصان ہے۔ مرحوم ایک اچھے لکھاری تھے، اچھے شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری اور تحریروں سے عوامی شعور پیدا کیا۔ میں نے ان

کے ساتھ elections کو monitor کیا۔ میں نے تقریباً دو سال پہلے تاج حیدر صاحب کا ایک گھنٹے کا تفصیلی podcast interview بھی کیا تھا اور ان کے ساتھ travel کیا۔ دل بہت کرتا ہے کہ ان کی شخصیت کے جو پہلو ہیں ان پر بات کی جائے۔ میں ایک شعر کے ساتھ ان کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پروین شاکر کا وہ شعر ہے کہ۔

وہ تو خوشبو ہے ہواؤں میں بکھر جائے گا

مسئلہ پھول کا ہے پھول کدھر جائے گا

اللہ تعالیٰ سینیٹر تاج حیدر صاحب کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

جناب چیئرمین! شکریہ۔ سینیٹر سرمد علی۔

**Senator Sarmad Ali**

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! سینیٹر تاج حیدر صاحب کے ساتھ میرا 42 برس کا تعلق تھا۔ ان کے ساتھ شفقت کا اور محبت کا تعلق تھا۔ ان سے پہلی بار میری ملاقات 1984 میں ان کے والد پروفیسر کرار حسین کے گھر پر ہوئی تھی کیونکہ میرے والد کی کرار حسین صاحب کے ساتھ بہت قریبی نیاز مندی تھی لیکن ان کے خاندان سے میرا تعلق تھوڑا سا پہلے غالباً 1974 سے تھا، جب ان کے بڑے بھائی جوہر حسین جن کو ہم جوہر انکل کہا کرتے تھے وہ Pakistan Times, Lahore میں Circulation Manager تھے اور وہ ان students میں سے تھے جن کو معراج محمد خان کے ساتھ نکالا گیا تھا اور لاہور قلعے میں ان پر torture کیا گیا تھا۔ ان کے بہنوئی غازی صلاح الدین میرے 30 سال کے colleague ہیں۔ تاج بھائی کے ساتھ میرا تعلق جنگ گروپ کے آنے کے بعد تھوڑا سا اور بڑھ گیا کیونکہ پہلے ان کا فون landline پر مہینے، دو مہینے کے بعد آ جایا کرتا تھا پھر اس کے بعد mobile آیا تو اکثر ان کا فون آتا تھا۔ کبھی کوئی کام بتاتے تھے، کبھی article کی بات کرتے تھے، بہت محبت، نفاست اور شفقت کے ساتھ بات کرتے تھے۔ ہمیشہ ایک شفیق کے طور پر انہوں نے بات کی۔ وہ ایک socialist تھے۔ left wing ideology کی بات کرتے تھے اور جو ہمارا پیسا ہوا طبقہ ہے اس کے حقوق کی بات کرتے تھے۔ انہوں نے ڈرامے بھی لکھے، میرے خیال میں ہم بھول گئے کہ انہوں نے ڈراموں میں acting بھی کی۔ 1970 میں

ایک ڈرامہ تھا پروفیسر کے نام سے PTV پر telecast ہوا تھا۔ وہ ڈرامہ انہوں نے خود لکھا اور اس میں انہوں نے پروفیسر کا کردار بھی ادا کیا۔ ان کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ Pakistan, the Senate and Pakistan People's Party will be poorer without him. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: سینیٹر تاج حیدر صاحب ایک عظیم خانوادے کے عظیم سپوت تھے۔ وہ کراچی کے ایک عظیم بیٹے اور بہت ہی نفیس شخص تھے، جن کی کمی ہمیشہ اس ایوان میں محسوس ہوتی رہے گی۔ جمہوریت کے لیے ان کی قربانیاں بھی ہمیشہ ہم یاد رکھیں گے۔ چونکہ ہم کراچی کے باسی ہیں تو ان سے ہمارا بہت گہرا تعلق رہا ہے۔ وہ ہمارے لیے ایک استاد کی حیثیت رکھتے تھے۔ میں اس ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا کیونکہ میرے ساتھیوں نے ان کی تمام خصوصیات اور جمہوریت کے لیے قربانیوں پر بات کی ہیں۔ بس ایک شعر ان کے لیے نذر کرنا چاہتا ہوں۔

وہ ایک قرار جو وجہ قرار تھا نہ رہا
وہ ایک شجر سایہ دار تھا نہ رہا

اللہ میاں ان کی مغفرت کرے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ حسنہ بانو، ایک منٹ۔

**Senator Husna Bano**

سینیٹر حسنہ بانو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کی بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس موقع پر بولنے کا شرف دیا۔ تاج حیدر صاحب کے لیے میں کیا الفاظ بیان کروں گی، جتنے بھی یہاں پر بیٹھے ہوئے سینیٹرز تھے، انہوں نے سب کچھ ہی اپنے الفاظ میں بول دیا۔ میرے لیے تو وہ ایک انتہائی شفیق اور معتبر شخصیت تھے۔ ایک سال سے میں نے ان کو یہاں پر دیکھا۔ وہ اپنی بیماری کی حالت میں بھی پاکستان کے عوام اور پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے اپنی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ جیسے کہ سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ حب کے عوام پر ان کا بہت بڑا احسان ہے، میں بھی بحیثیت حب کی رہنے والی، واقعی انہوں نے ہمارے لیے بہت بڑا اقدام اٹھایا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ پہلی مرتبہ آپ نے بات کی ہے۔ جام سیف اللہ صاحب۔

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین! تاج حیدر صاحب کے ساتھ میرا ذاتی تعلق رہا ہے۔ کسی وقت میرے پاس ریوینیو کی وزارت تھی۔ آپ کو معلوم ہے کہ تاج حیدر صاحب سماجی کاموں میں بڑے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے اور خاص طور پر marginalized societies کے لیے۔ ایک پروین رحمٰن صاحبہ ہوتی تھیں، جن کو تقریباً تیرہ، چودہ سال پہلے شہید کیا گیا تھا۔ وہ بھی کراچی میں ریوینو کی زمینوں میں جو مافیا وغیرہ ہوتے تھے، ان کے خلاف وہ جہاد کرتی تھیں۔ تاج حیدر صاحب پروین رحمٰن کے ساتھ میرے پاس تقریباً چار، پانچ مرتبہ آئے تھے۔ ان کے مسائل بتاتے تھے، کورنگی پائلٹ پروجیکٹ تھا۔ تاج حیدر کا پروین شاکر کے قاتلوں کو پکڑوانے میں بھی بڑا عمل دخل تھا۔ وہ چاروں لوگ پکڑے گئے تھے اور ان کو سزا ہو گئی تھی۔ ایک چیز، رخ جو باقی دوستوں نے نہیں بتایا، یقیناً ان کا مسکراتا چہرا، ان کی شفیق باتیں اور ان کی ملن سار طبیعت، یہ ہمیشہ ہم یاد رکھیں گے۔ اللہ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے خاندان کو صبر دے۔

Mr. Chairman: Rana Mahmood ul Hassan Sahib.

**Senator Rana Mahmood ul Hassan**

سینیٹر رانا محمود الحسن: جناب چیئرمین! آج پروفیسر خورشید صاحب اور تاج حیدر صاحب ہم میں نہیں ہیں۔ اللہ پاک ان کی بخشش کرے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ وہ لوگوں کے دکھ درد کے فاصلوں کو کم کرنے والوں میں سے تھے۔ شاعر نے کہا ہے کہ

قتل گاہوں سے چن کر ہمارے علم
اور نکلیں گے عشاق کے قافلے
جن کی راہ طلب سے ہمارے قدم
مختصر کر چلے درد کے فاصلے

وہ درد کے فاصلوں کو کم کرنے والے لوگ تھے۔ آج ہم میں نہیں ہیں۔ جو ایک خاص وقت تاج حیدر صاحب کا تھا، جس کی وجہ سے آج پورا ایوان ان کے لیے سوگوار بھی ہے۔ وہ نہایت ہی عمدہ طریقے سے گفتگو کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا بھی فرمان ہے کہ لوگوں سے نہایت عمدہ طریقے سے بات کرو۔ سینکڑوں مرتبہ قرآن شریف کے اندر بھی اس بات کا مفہوم اسی طرح سے ہے کہ لوگوں

سے نہایت عمدہ طریقے سے بات کرو۔ ہم دعاگو ہیں کہ اللہ پاک ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

جناب چیئرمین: افنان اللہ صاحب، ایک منٹ بات کر لیں، کیونکہ آپ ابھی آئے ہیں اور میں wind-up کر رہا تھا۔

**Senator Dr. Afnan Ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میری یہ خوش قسمتی رہی کہ میں پارلیمانی امور کی کمیٹی کا رکن تھا اور اس کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر تاج حیدر صاحب تھے۔ میں یہ بتانا چاہ رہا تھا کہ اس کمیٹی کا انہوں نے جس طرح سے conduct کیا تو میرے جیسے نئے سینیٹرز جن کا یہ پہلا tenure ہے وہ سب میرے لیے بہت learning تھی کہ وہاں پر electronic voting machine کا بڑا serious issue چل رہا تھا۔ اس وقت PTI کی حکومت تھی اور ان کا بڑا pressure تھا اور وہ چاہ رہے تھے اور ہوا یہ کہ انہوں نے اس کمیٹی میں ایک سینیٹر صاحبہ کو بھی ڈال دیا جو اس میں وہاں نہیں تھیں، اگرچہ ان کا تعلق حکومت سے تھا لیکن انہوں نے اتنی respectfully انہیں treat کیا اور اتنے اچھے طریقے سے ان کی بات سنی اور treat کیا اور اتنے اچھے طریقے سے اسے conduct کیا اور ہمیں یہ بات سیکھنے کو ملی کہ اگر آپ نے opposing party کے درمیان consensus develop کرنا ہے تو آپ کیسے معاملات کو لے کر چلتے ہیں۔ میرے لیے یہ بہت زبردست learning process تھا، مجھے یاد ہے کہ میری ان سے بات چیت ہوتی رہتی تھی، میں ایک Regulation of Artificial Intelligence Bill لے کر آیا تو مجھے پیچھے مڑ کے دیکھ کر کہتے ہیں کہ افنان تم نے بہت اچھا کام کیا ہے اور آگے اس کا بڑا فائدہ ہو گا۔ ان کی بہت نفیس شخصیت تھی، انہوں نے سب کو ہمیشہ پیار اور محبت سے treat کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں اونچا مقام دے، میری دعائیں ان کے ساتھ ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ، ایک منٹ، آپ نے light on کی ہوئی ہے۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سینیٹر تاج حیدر مرحوم کے بارے میں کیا بات کروں کیونکہ اگر ہم سارا دن بھی ان کے لیے بات کریں تو وہ کم ہو گی۔ ان کے جیسا شفیق انسان میں نے نہیں

دیکھا۔ ایک عجیب اتفاق ہے کہ جس روز میری gallbladder کی سرجری ہوئی اسی روز ان کی بھی سرجری ہوئی تھی تو سرجری کے بعد ہم دونوں بہت قریب آ گئے تھے۔ میں ان سے جا کر ان کی طبیعت کے بارے میں پوچھتی تھی اور وہ مجھ سے پوچھتے تھے کہ آپ اتنی جلدی recover ہو کر آ گئی ہیں اور میرا gallbladder تو biopsy کے لیے گیا ہے۔ میں ان کے لیے بہت دعا کرتی تھی۔ میں خصوصی طور پر ان کے گھر پر بھی جایا کرتی تھی۔ ایک دن وہ آئے تو میں نے ان سے پوچھا کہ sir آپ کی biopsy کا کیا بنا۔ انہوں نے ہنس کر اور مسکراتے ہوئے جس طرح وہ مسکراتے تھے مجھ سے کہا کہ مجھے کینسر ہے۔ میرے لیے یہ بہت ہی shocking moment تھا، میں بہت خفا ہوئی، انہوں نے مجھے سے کہا کہ اتنی خفا نہیں ہونا ہے کیونکہ ہم جہاں سے آئے ہیں وہاں ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔ انہوں نے مجھے ایک نصیحت کی تھی اور وہ میں نے اپنی ڈائری میں لکھی ہے، اس وقت ہماری جماعت پر ایک مشکل وقت تھا، انہوں نے مجھے کہا اپنی جماعت کے ساتھ ثابت قدم رہنا، خان صاحب کا ساتھ نہیں چھوڑنا ہے، ایک اچھا وقت آئے گا۔ آپ جس طرح سے ڈٹ کر کھڑی ہیں اسی طرح ڈٹ کر رہنا ہے۔ اس طرح کے مشکل وقت ہم نے بھی گزارے ہیں۔ میں نے اپنی ڈائری میں ان الفاظ کو سنہرے حروف سے لکھا ہوا ہے، اس ڈائری کو میں تمام عمر ایک یادگار کے طور پر رکھوں گی۔

باقی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت نصیب کریں اور یہ صرف پیپلز پارٹی کے لیے loss نہیں ہے بلکہ یہ پورے پاکستان کی جمہوریت کے لیے loss ہے۔ بی بی شہید کے بعد اگر کوئی leader تھا تو وہ تاج حیدر تھے، وہ بے نظیر بھٹو شہید کی نشانی تھے، وہ پیپلز پارٹی میں ایک class leader تھے، اللہ تعالیٰ انہیں جنت نصیب کرے اور ان کے لواحقین کو صبر و تحمل دیں، آمین۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Now I request the Chief Whip to wind-up.

**Senator Saleem Mandviwalla, Chief Whip**

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جناب چیئرمین! سب کی باتیں سن کر دل emotional ہو ہی جاتا ہے، آپ کا بھی ہو گیا ہو گا۔

جناب چیئرمین: میں نے سب کو سنا ہے، کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو نہ ہوا ہو۔

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: تاج حیدر صاحب کے بارے میں جتنے لوگوں نے بات کی ہے، میری بھی ان کے ساتھ history اتنی پرانی نہیں ہے، کوئی 14 سال کا رشتہ تھا مگر ان کا پچھلا جو ایک سال گزرا ہے میں صرف اس بارے میں بات کروں گا، میں سمجھتا ہوں کہ ان پر بھی، ان کے خاندان پر بھی اور ہم لوگ جو ان سے بہت close تھے یا یہاں تھے، انہیں جب کینسر کی خبر ملی تو actually اس وقت میں ان کے ساتھ تھا۔ ہم جس ڈاکٹر کے پاس گئے کیونکہ وہ کافی دنوں سے بیمار تھے اور پتا نہیں چل رہا تھا کہ انہیں کیا problem ہے، میرا جاننے والا ایک specialist doctor تھا اور میں انہیں زبردستی ان کے پاس لے کر گیا اور وہاں after doing the required test اس نے disclose کیا کہ انہیں liver cancer ہے۔ وہاں سے پھر وہ جدوجہد شروع ہوئی اور ایک سال لگا۔ پھر ہم نے کوشش کی کہ ہم ان کا liver transplant کریں لیکن اس میں ہم کامیاب نہیں ہوئے کیونکہ ان کی عمر ایسی تھی کہ اگر ہم کرتے تو اس بات کا ڈر تھا کہ شاید وہ اسے sustain نہیں کر سکیں گے۔ ان کی wife اور میں ان کی اس جدوجہد میں ان کے ساتھ چلتے رہے، ان کا treatment کرواتے رہے، ڈاکٹروں نے ہمیں یہی کہا کہ آپ بس یہ کر سکتے ہیں کہ ان کے پاس جتنا وقت ہے کوشش کریں کہ وہ وقت اچھا گزر جائے اور ہم انہیں درد سے بچا سکیں اور ان کی مشکل آسان کر سکیں۔

یہ تو ہمیں ایک سال سے پتا تھا کہ تاج حیدر صاحب کے دن اب کم رہ گئے ہیں۔ ظاہر سی بات ہے کہ ان سے جو بھی close تھا تو ہمارے اوپر emotional affect تو تھا مگر ان کی wife نے مجھے ایک دو الفاظ بھیجے ہیں کہ میری طرف سے آپ اپنی تقریر میں یہ الفاظ ضرور کہیے گا۔ وہ کہتی ہیں کہ یہ ضرور کہیے گا کہ وہ اپنی wife سے بڑا پیار کرتے تھے۔ یہ انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ اپنی تقریر میں یہ بات ضرور کہیے گا، میں بس ان کے لیے دعا کر سکتا ہوں اور میرا دل آج رو رہا ہے۔ میں خود بھی بہت اداس ہوں، وہ مجھ سے بہت نزدیک تھے اور یہاں جتنے بھی اراکین ہیں یہ میرے بہت نزدیک ہیں اور میں سب کے لیے اسی طرح سے کوششیں کرتا رہوں گا اور اگر کسی کو کوئی مشکل ہو تو ان شاء اللہ ہم اس کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Chairman: Thank you very much. Now I request Senator Sherry Rehman *Sahiba* to move the condolence resolution.

**Condolence Resolution moved by Senator Sherry Rehman expressing profound grief and sorrow over the sad demise of Senator Taj Haider**

Senator Sherry Rehman: Thank you Mr. Chairman, and thank you Senator Saleem Mandviwalla for your love, affection and genuine feelings for Taj Bhai and for all of us. God give you some relief. With your permission, Mr. Chairman, I will move this resolution:-

"This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of one of its most distinguished and revered Members, Senator Taj Haider, who passed away on 8th April 2025, at the age of 83.

Senator Taj Haider was a steadfast democrat and a seasoned parliamentarian. A veteran of national politics, he was widely respected for his principled stance, intellectual depth, and unwavering commitment to democratic ideals. He was also a renowned playwright, mathematician, and a versatile scholar whose contributions extended well beyond the political realm.

In recognition of his exceptional public service and intellectual contributions, he was conferred with the Sitara-e-Imtiaz by the President of Pakistan in 2013. He also received the PTV Best Playwright Serial Award in 2006, reflecting his literary brilliance.

Senator Taj Haider's political journey began in 1967 when he joined the socialist movement and became one of the founding members of the Pakistan People's Party (PPP) under the leadership of Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto. He remained committed to the Party's ideology throughout his life and served it with great integrity and dedication.

He was elected to the Senate of Pakistan for the term March 2012-2018, and was re-elected in March 2021 for the current term. At the time of his passing, he was serving as the Chairman of the Senate Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges, and held the important party position of Central Secretary General of the PPP.

Throughout his parliamentary career, Senator Haider consistently raised his voice for the rights of the people of Pakistan and for matters of national importance, always guided by principle, reason, and compassion. He was known for his clarity of thought, humble demeanour, and ethical politics, and mentored many younger politicians, writers, and activists. His voice in the Senate was always guided by principle, reason, and compassion-qualities that set him apart in the country's political discourse. His contributions to the Senate, to the nation, and to democratic discourse will be remembered with great respect and admiration.

This House expresses its deepest sympathies with the bereaved family, friends and his party. We pray to Almighty Allah to shower His infinite blessings upon the departed soul and pray that his soul rest in eternal peace.

A copy of this resolution, if I may add, is entirely inadequate to do justice to his stellar life, may be sent to the bereaved family."

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

*(The resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Copy of the resolution may be sent to the bereaved family. I now request Senator Azam

Nazeer Tarar to move a condolence resolution for former Senator Professor Khurshid Ahmed.

**Condolence Resolution moved by Senator Azam Nazeer Tarar expressing profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Professor Khurshid Ahmed**

Senator Azam Nazeer Tarar: "This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Professor Khurshid Ahmed, who passed away on 12th of April, 2025. Professor Khurshid was a distinguished economist, humanist Islamic Scholar and a dedicated statesman whose intellectual legacy and the public contributions have left a lasting impact on Pakistan. He was the founder of the Institute of Policy Studies Islamabad, a co-founder of the Islamic Foundation in the United Kingdom and the founding trustee of the Punjab School. His scholarly work on Islamic economics and ideology has been widely recognized both nationally and internationally.

In recognition of his exceptional academics and social services, Professor Khurshid was conferred with Nishan-i-Imtiaz, a testament to the national esteem in which he was held.

In his illustrious political career he remained associated with Jamaat-i-Islami and served as a member of Senate of Pakistan for the terms 1985-91, 1991-97, 2003-06 and 2006-2012. During which he played a leading role in shaping Parliamentary discourse on Economic, Constitutional and Ideological matters. As Chairman of the Senate Standing Committee on Economic Affairs and Planning he provided critical

oversight on national development policies and economic reforms. He was also an active member of multiple other committees and forums contributing significantly to the debates on education, energy, national security and Islamic jurisprudence.

His tenure in the Senate was marked by intellectual clarity, principled positions and a strong commitment to Islamic Democratic values. As Parliamentarian he was known for his thoughtful interventions, policy driven approach and ability to bridge academic insight with legislative pragmatism. His presence enriched the proceeding of the Senate and helped shape national policy on key socio economic and ideological issues.

He also served in executive position including as Federal Minister for Planning and Development, Federal Minister for Energy and Deputy Chairman of the Planning Commission, where he played a central role in formulating and implementing national development strategies.

This House expresses its deepest sympathies with the grieved family and friends including his Party. We pray to all mighty ALLAH to shower his infinite blessing upon the departed soul and to grant him eternal peace.

Mr. Chairman! a copy of this resolution may be sent to the bereaved family. Thank you.

Mr. Chairman: I, now put the resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The copy of the resolution may be sent to the grieved family.

Prorogation of the Senate, as a mark of respect and to pay homage to the late Senator Taj Haider, this session will now stand prorogued.

I will now read out the prorogation order received from the President of Pakistan:

> "In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973, I hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on Tuesday 15th April, 2025."

Sd/-
(Asif Ali Zardari)
President of Pakistan

---------------

*[The House was then prorogued sine die]*

---------------